جدید نصاب کے عین مطابق

ٹیچر گائیڈ

مہران

# راہِ گلزار اُردو

چوتھی جماعت کے لیے


پراجیکٹ ڈائریکٹر: غلام شبیر عطاری

مصنف: محمد سلیم قادری / زوہیب احمد خان

نظرِ ثانی: شیخ ندیم تصور

پروڈکشن منیجر: محمد شاہد

تزئین کار: موٹف کرایٹرز



پبلشرز: زمزم پبلیکیشن کراچی پاکستان

# فہرست


نصاب .......... 3

1. حمد باری تعالیٰ ..........(نظم) .......... 6
2. نعت رسول مقبول ﷺ .....(نظم) .......... 7
3. اللہ کی بڑائی .......... 9
4. بڑا آدمی ..........(نظم) .......... 11
5. ہم نے سیر کی .......... 13
6. آلودگی .......... 16
7. حضرت علیؓ .......... 18
8. انعام کسے ملا؟ .......... 21
9. ایک پہاڑ اور گلہری .......(نظم) .......... 24
10. نشان حیدر (۱) .......... 26
11. درخت ہمارے دوست .......... 29
12. رات ..........(نظم) .......... 32
13. پاکستانی ثقافت .......... 35
14. پیشے .......... 37
15. عقل استعمال کرو .......... 40
16. نشان حیدر (۲) .......... 42
17. پاک وطن ..........(نظم) .......... 45
18. کاغذ کس طرح بنتا ہے؟ .......... 47
19. روبوٹ .......... 51
20. زمین گول ہے .......... 53
21. ایک انوکھا پیڑ .......... 55
22. خدا کی قدرت .......... 58
23. میں ہوں ہاتھی آپ کا ساتھی .......... 59
24. حکمت اور دانائی کی باتیں .......... 61

# نصاب

پہلی میعاد کے لیے آٹھ اسباق (۱تا۸) مقرر کیے گئے ہیں اور اس کے ساتھ مزید مفید مواد بھی رکھا گیا ہے۔جس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

- سوالات کے جوابات دینا۔
- واحد الفاظ کے جمع لکھنا۔
- خالی جگہیں پر کرنا۔
- الفاظ کو جملوں میں استعمال کرنا۔
- مذکر کے مؤنث لکھنا۔
- ہم آواز الفاظ لکھنا۔
- الفاظ کے متضاد لکھنا۔
- درست جوابات کی نشاندہی کرنا۔
- ”آلودگی“ مضمون لکھنا۔
- درخواست / خط لکھنا۔(نصاب کے مطابق)

دوسری میعاد کے لیے آٹھ اسباق (۹تا۱۶) مقرر کیے گئے ہیں اور اس کے ساتھ مزید مفید مواد بھی رکھا گیا ہے۔جس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

- سوالات کے جوابات دینا۔
- واحد الفاظ کے جمع لکھنا۔
- خالی جگہیں پر کرنا۔
- الفاظ کو جملوں میں استعمال کرنا۔
- مذکر کے مونث لکھنا۔
- ہم آواز الفاظ لکھنا۔
- الفاظ کے متضاد لکھنا۔
- درست جوابات کی نشاندہی کرنا۔
- ”پاکستانی ثقافت“ پر مضمون لکھنا۔
- درخواست / خط لکھنا۔(نصاب کے مطابق)

تیسری میعاد کے لیے آٹھ اسباق (۱۷تا۲۴) مقرر کیے گئے ہیں اور اس کے ساتھ مزید مفید مواد بھی رکھا گیا ہے۔جس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

- سوالات کے جوابات دینا۔
- واحد الفاظ کے جمع لکھنا۔
- خالی جگہیں پر کرنا۔
- الفاظ کو جملوں میں استعمال کرنا۔
- مذکر کے مونث لکھنا۔
- ہم آواز الفاظ لکھنا۔
- الفاظ کے متضاد لکھنا۔
- درست جوابات کی نشاندہی کرنا۔
- ”روبوٹ“ پر مضمون لکھنا۔
- درخواست / خط لکھنا۔(نصاب کے مطابق)

# ہدایات برائے اساتذہ

سبق نمبر 1: حمد (نظم): بچوں کے گروپ بنوا کر ان سے حمد کی مختلف دھنیں تیار کروائیں اور بعد میں آپ کسی

ایک کا انتخاب کر کے بچوں سے پڑھوائیں۔

**سبق نمبر 2:** **نعت رسول مقبول ﷺ (نظم):** بچوں کو نعت کا مطلب سمجھائیں اور سُر سے نعت پڑھوائیں۔ کلاس میں طلبہ کی میلاد کروائیں۔

**سبق نمبر 3:** **اللہ کی بڑائی:** بچوں کو سبق پڑھانے کے بعد ان سے اللہ تعالیٰ کی نعمتوں اور احسانات کی فہرست بنوائیں۔

**سبق نمبر 4:** **بڑا آدمی (نظم):** بچوں سے ان کی مرضی کی کوئی دھن بنوا کر گروپوں میں یہ نظم پڑھوائیں۔

**سبق نمبر 5:** **ہم نے سیر کی:** بچوں سے ان کی سیر و سیاحت کے بارے میں پوچھیں اور سیر کی اہمیت بھی بتائیں۔

**سبق نمبر 6:** **آلودگی:** بچوں کو آلودگی کی مختلف اقسام بتائیں اور اس سے انسانی جان کو ہونے والے نقصانات بھی بتائیں۔

**سبق نمبر 7:** **حضرت علی رضی اللہ عنہ:** بچوں سے پہلے حضرت علیؓ کے بارے میں کچھ سوالات وغیرہ پوچھیں اور بعد میں خود حضرت علیؓ کے حوالے سے بچوں کو تفصیل سے بتائیں۔

**سبق نمبر 8:** **انعام کسے ملا؟** بچوں کو کتابوں کی چھپائی کے حوالے سے کچھ معلومات دیں۔ بچوں کو اچھے کام کرنے کی تاکید کریں۔

**سبق نمبر 9:** **پہاڑ اور گلہری (نظم):** بچوں کو اپنے تعاون سے اس نظم کی کوئی دھن بنوا کر بچوں سے کورس میں پڑھوائیں۔

**سبق نمبر 10:** **نشانِ حیدر (I):** بچوں کو نشان حیدر کی اہمیت بتائیں۔ اس سبق میں جن شہدا کا ذکر آیا ہے ان کے بارے میں تفصیل سے بتائیں۔

**سبق نمبر 11:** **درخت ہمارے دوست:** بچوں کو ماحول کے بارے میں بتائیں۔ ماحول کے دوست عناصر یعنی درخت وغیرہ اور دشمن عناصر یعنی آلودگی وغیرہ کے بارے میں بتائیں۔

**سبق نمبر 12:** **رات (نظم):** بچوں کو بتایا جائے کہ رات کو جلدی سونے والا اور صبح جلدی اٹھنے والا بچہ صحت مند رہتا ہے۔

**سبق نمبر 13:** **پاکستانی ثقافت:** بچوں کو پاکستان کے چاروں صوبوں میں بسنے والے لوگوں کو مختلف ثقافتوں کے بارے میں تفصیل سے بتائیں۔

**سبق نمبر 14:** **پیشے:** بچوں کو مختلف پیشوں اور ان کی اہمیت کے بارے میں بتائیں اور ہر بچہ سے اس کی پسند کا پیشہ پوچھیں۔

**سبق نمبر15: عقل استعمال کریں:** بچوں کو یہ بتائیں کہ ہم انسان ہیں اور اللہ پاک نے عقل کی بنیاد پر ہمیں اشرف المخلوقات بنایا ہے۔ لہٰذا ہمیں عقل سے کام لینا چاہیے نہ کہ دوسروں کی باتوں میں آ کر اپنا سب کچھ کھونا چاہیے۔

**سبق نمبر16: نشانِ حیدر (II):** بچوں کو نشان حیدر کی اہمیت بتائیں اور نشان حیدر حاصل کرنے والے شہداء کے نام اور ان کی بہادری کے واقعات سنائیں۔

**سبق نمبر17: پاک وطن (نظم):** بچوں کو اپنے تعاون سے ایک دھن بنوا کر ان سے کورس میں پڑھوائیں۔ بچوں کو نظم کی تشریح کر کے بتائیں۔

**سبق نمبر18: کاغذ کس طرح بنتا ہے؟:** بچوں کو کاغذ کی اہمیت بتائیں اور کاغذ بننے کا ابتدائی اور جدید دور دونوں کو تفصیل سے واضح کریں۔

**سبق نمبر19: روبوٹ:** بچوں کو روبوٹ کی مختلف اقسام اور استعمال سے آگاہ کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ روبوٹ کیا کام کر سکتا ہے؟

**سبق نمبر20: زمین گول ہے:** بچوں کو زمینی حقیقت کے بارے میں بتائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ کیا یہ بادشاہ واقعی بے وقوف تھا؟

**سبق نمبر21: ایک انوکھا پیڑ:** بچوں کو ناریل کے درخت کی تصویر دکھائیں اور پوچھیں کہ کیا آپ نے کبھی ناریل دیکھا ہے؟ اور اس کا استعمال وغیرہ پوچھیں۔

**سبق نمبر22: خدا کی قدرت (نظم):** بچوں کے مختلف گروپ بنوا کر ان سے کچھ دھنیں تیار کروائیں۔ بعد میں جو دھن اچھی لگے اس کی بچوں کو تیاری کروایئے۔

**سبق نمبر23: میں ہوں ہاتھی آپ کا ساتھی:** بچوں سے چڑیا گھر میں موجود مختلف جانوروں کے بارے میں پوچھیں۔ بچوں سے ہاتھی کے بارے میں معلومات لیں۔

**سبق نمبر24: حکمت اور دانائی کی باتیں:** سبق کے بعد بچوں کو کم از کم دو اقوال یاد کرنے کو کہیں۔ بچوں کو حکمت و دانائی کی باتوں کے متعلق بتائیں۔

سبق نمبر: 1

# حمد باری تعالیٰ

## حل مشقی سوالات

**درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔**

1. **حمد کسے کہتے ہیں؟**

**جواب:** حمد اس نظم کو کہتے ہیں جس میں اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کی جائے۔

2. **دنیا کی ہر چیز کا محافظ کون ہے؟** **جواب:** دنیا کی ہر چیز کا محافظ اللہ تعالیٰ ہے۔

3. **ہمیں کس کو سجدہ کرنا چاہیے؟** **جواب:** ہمیں اللہ کو سجدہ کرنا چاہیے۔

**مناسب الفاظ سے مصرعے مکمل کریں۔**

1. محافظ وہی ہے سب کی دہلیز کا
2. سمندر سے بارش کے بادل لیے
3. اسی کے ہیں، جگنو جو ہیں ماند بھی
4. خدا ہی سے ہر چیز مانگا کرو

**درج ذیل الفاظ کے واحد لکھیں۔**

| جمع | واحد | جمع | واحد | جمع | واحد |
|---|---|---|---|---|---|
| فصلیں | فصل | نسلیں | نسل | چشمے | چشمہ |
| بارشیں | بارش | ستارے | ستارا | سجدے | سجدہ |

**سورج سے ہم روشنی اور حرارت حاصل کرتے ہیں۔ بتایئے یہ چیزیں کس کام آتی ہیں؟**

**چاند ، پھول ، سمندر ، پہاڑ ، چشمے ، فصلیں ، بارش**

1. چاند سے ہم روشنی حاصل کرتے ہیں۔
2. پھول سے ہم خوشبو حاصل کرتے ہیں۔
3. سمندر پانی حاصل کرنے کا بڑا ذریعہ ہے۔
4. پہاڑ سے زمین کا منظر خوشگوار ہوتا ہے۔
5. چشمے میٹھا پانی حاصل کرنے کا ذریعہ ہوتے ہیں۔
6. فصلیں ہمیں غذا فراہم کرتی ہیں۔
7. بارش سے موسم خوشگوار ہو جاتا ہے۔

جملے بنائیں۔ محافظ، سمندر، احسان، چشمے، کرم، بارش

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| محافظ | فوج کے سپاہی ملک کے محافظ ہوتے ہیں۔ |
| سمندر | کراچی میں ایک بڑا سمندر ہے۔ |
| احسان | ہمیں کسی کا احسان نہیں بھولنا چاہیے۔ |
| چشمے | چشمے کا پانی میٹھا ہوتا ہے۔ |
| کرم | ہم سب پر اللہ کا کرم ہے۔ |
| بارش | بارش اللہ کی نعمت ہے۔ |

شعر میں ایک جیسی آواز والے الفاظ ہم آواز الفاظ کہلاتے ہیں، جیسے حمد کے پہلے شعر میں لفظ چیز اور دہلیز ہیں۔ ہم آواز (قافیہ) کے بعد جو لفظ بار بار استعمال ہو، اسے ردیف کہتے ہیں، جیسے پہلے شعر کے دونوں مصرعوں کے قافیہ چیز اور دہلیز کے آخر میں ''کا'' ہے۔ آپ اس نظم میں سے قافیہ اور ردیف چن کر لکھیں۔

جواب: (1) دیے، لیے (2) فصلوں، نسلوں (3) زمیں، کہیں

○○○○○○○○○○

سبق نمبر: 2

# نعت رسول مقبول ﷺ

## حل مشقی سوالات

درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔

(1) نعت کسے کہتے ہیں؟

جواب: نعت اس نظم کو کہتے ہیں جس میں نبی اکرم ﷺ کی تعریف بیان کی گئی ہو۔

(2) ہمیں نیک راستہ کس نے دکھایا؟ جواب: ہمیں نیک راستہ نبی پاک ﷺ نے دکھایا۔

(3) ہمیں اللہ تعالیٰ کے پیغامات کس نے پہنچائے؟

جواب: ہمیں اللہ تعالیٰ کے پیغامات نبی پاک ﷺ نے پہنچائے۔

3 کیا آپ ﷺ نے کبھی کسی کو بد دعا دی؟

جواب: جی نہیں، آپ ﷺ نے کسی کو بد دعا نہیں دی۔

جملے بنائیں۔ امانت، روشن، بد دعا، عبادت، ہدایت، بھلائی

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| امانت | ہمیں دوسروں کی امانت کی حفاظت کرنی چاہیے۔ |
| روشن | اللہ کی قدرت سے دنیا روشن ہے۔ |
| بد دعا | آپ ﷺ نے کسی کو بد دعا نہیں دی۔ |
| عبادت | ہمیں اللہ کی عبادت کرنی چاہیے۔ |
| ہدایت | ہمیں اللہ کی ہدایت پر عمل کرنا چاہیے۔ |
| بھلائی | ہمیں سب کے ساتھ بھلائی کرنا چاہیے۔ |

دیے گئے الفاظ کے متضاد لکھیں۔

| الفاظ | متضاد | الفاظ | متضاد | الفاظ | متضاد |
|---|---|---|---|---|---|
| آخری | پہلا | محبت | نفرت | نیک | بد |
| اندھیرا | اجالا | نقصان | فائدہ | جیت | ہار |

دیے گئے الفاظ کے تین تین ہم آواز الفاظ لکھیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عبادت | ریاضت | سعادت | بولتے | تولتے | کھولتے |
| پیتے | سیتے | دیتے | محبت | صحت | محنت |
| بتایا | ستایا | جتایا | بھری | جھری | تھری |

خالی جگہیں پر کریں۔

1 محمد ﷺ ہمارے نبی آخری ہیں۔

2 سبھی ان کی باتیں محبت بھری ہیں۔

3 بہت کام کرتے، عبادت بھی کرتے۔

4 خدا کے مطابق ہدایت بھی کرتے۔

سبق نمبر: 3

# اللہ کی بڑائی

## حل مشقی سوالات

درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔

1. حامد نے رات کو کیا دیکھا؟ جواب: حامد نے رات کو چودھویں کا چاند دیکھا۔
2. انسان کو سب سے بڑا کس نے بنایا؟ جواب: انسان کو سب سے بڑا اللہ نے بنایا۔
3. سورج بڑا ہے یا چاند؟ جواب: سورج چاند سے بڑا ہے۔
4. انسان کو بڑا بنایا گیا ہے؟ مگر یہ چھوٹا کس طرح بن جاتا ہے؟

**جواب:** انسان کو بڑا بنایا گیا ہے، مگر یہ چھوٹا اپنی غلطیوں اور بڑائی کی وجہ سے چھوٹا بن جاتا ہے۔

5. تارے سورج سے چھوٹے کیوں لگتے ہیں؟

**جواب:** تارے سورج سے بہت دور ہیں اس لیے وہ سورج سے چھوٹے لگتے ہیں۔

6. انسان میں کون کون سی خصلتیں ہونی چاہییں؟

**جواب:**
1. انسان کو سب کے ساتھ مہربانی سے پیش آنا چاہیے۔
2. غریبوں کی مدد کرنا چاہیے۔
3. نیک بننا چاہیے۔

7. ہم چاند سورج سے بھی بڑے ہیں۔ کیسے؟

**جواب:** ہم اپنے رتبے کی وجہ سے چاند اور سورج سے بڑے ہیں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں اشرف المخلوقات بنایا ہے۔

خالی جگہیں پر کریں۔

1. چمکدار تھالی آہستہ آہستہ مشرق کی طرف جا رہی تھی۔
2. چودھویں کا چاند پورا ہوتا ہے۔
3. سورج کی چمک سے آنکھیں چندھیا جاتی ہیں۔
4. آسمان پر تارے ٹمٹما رہے ہیں۔
5. دنیا کی ہر چیز انسان کی خدمت کر رہی ہے۔
6. انسان کے اندر اچھی خصلتیں ہونی چاہییں۔

**واحد الفاظ کے جمع بنائیں۔**

| جمع | واحد | جمع | واحد | جمع | واحد |
|---|---|---|---|---|---|
| صورتیں | صورت | زمینیں | زمین | تارے | تارا |
| احسانات | احسان | خصلتیں | خصلت | روشنیاں | روشنی |

**اس سبق میں سے اسم نکرہ چن کر لکھیں۔**

**جواب:** نماز، تھالی، آنکھ، انسان، لکڑی

**درست جواب کے آگے (✓) کا نشان اور غلط کے آگے (×) کا نشان لگائیں۔**

1. سورج سے ہمیں روشنی ملتی ہے۔ ✓
2. سورج جنوب سے طلوع ہوتا ہے۔ ×
3. ہم کافی درختوں کے پھل کھاتے ہیں۔ ✓
4. ہمیں جھوٹ بولنا چاہیے۔ ✓
5. ہمیں غریبوں کی مدد کرنی چاہیے۔ ✓

**درست جواب منتخب کریں۔**

1. سورج چاند سے بڑا ہے:
   (الف) لاکھوں گنا ✓ (ب) ہزاروں گنا (ج) کروڑوں گنا
2. ہم اللہ تعالیٰ کی بڑائی بیان کرتے ہیں:
   (الف) سبحان اللہ کہہ کر (ب) انشاء اللہ کہہ کر (ج) اللہ اکبر کہہ کر ✓
3. ہمیں بڑائی کس نے دی ہے:
   (الف) جنوں نے (ب) فرشتوں نے (ج) اللہ نے ✓
4. ہم سانس لیتے ہیں:
   (الف) پانی میں (ب) خلا میں (ج) ہوا میں ✓
5. ہم پیاس بجھاتے ہیں:
   (الف) ہوا سے (ب) مٹی سے (ج) پانی سے ✓

جملے بنائیں۔ حاکم، چکا چوند، خصلتیں، احسان، بڑائی، ذلیل

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| حاکم | ہمارا حاکم اللہ تعالیٰ ہے۔ |
| چکا چوند | نیا شہر دیکھ کر میری آنکھیں چکا چوند ہو گئیں۔ |
| خصلتیں | غریبوں کی مدد کرنا اور سچ بولنا اچھی خصلتیں ہیں۔ |
| احسان | ہمیں دوسروں کا احسان ماننا چاہیے۔ |
| بڑائی | ہمیں اپنی بڑائی نہیں کرنی چاہیے۔ |
| ذلیل | انسان اپنے افعال سے ذلیل ہوتا ہے۔ |

دیے گئے الفاظ کو حروف تہجی کی ترتیب سے لکھیں۔

چمکدار، پیاس، مہربانی، روشنی، بڑائی، سچ

**جواب:** بڑائی، پیاس، چمکدار، روشنی، سچ، مہربانی

سبق نمبر: 4

# بڑا آدمی

## حل مشقی سوالات

☆ درج ذیل سوالوں کے جواب دیں۔

1. ہمیں غریبوں سے کیسا سلوک کرنا چاہیے؟

**جواب:** ہمیں غریبوں سے محبت کا سلوک کرنا چاہیے۔

2. ہمیں کس چیز سے نفرت کرنی چاہیے؟ **جواب:** ہمیں غرور و تکبر سے نفرت کرنی چاہیے۔

3. ہماری زندگی کا کیا مقصد ہونا چاہیے؟

**جواب:** ہماری زندگی کا مقصد عاجزی اور دیانت داری ہونا چاہیے۔

4. اصولوں کے لیے کیا کرنا چاہیے؟ **جواب:** اصولوں کی خاطر جھکنا نہیں چاہیے۔

5. کس چیز کے لیے ہر ستم سہہ لینا چاہیے؟ **جواب:** حق کے خاطر ہر ستم سہہ لینا چاہیے۔

معنی لکھیں۔

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|---|---|
| بے کسوں | مجبور | عاجزی | انکساری | شجاعت | بہادری |
| تاثیر | اثر | شمشیر | تلوار | ستم | ظلم |

جملے بنائیں۔ محبت، نفرت، مقصد، حق، حمایت، غرور

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| محبت | ہمیں غریبوں سے محبت کرنی چاہیے۔ |
| نفرت | ہمیں غریبوں سے نفرت نہیں کرنی چاہیے۔ |
| مقصد | ہماری زندگی کا مقصد نیک ہونا چاہیے۔ |
| حق | غریبوں کا حق ادا کرو۔ |
| حمایت | بے کسوں کی حمایت کرو۔ |
| ستم | یتیموں پر ستم نہ کرو۔ |

اس نظم میں شاعر نے بڑا آدمی بننے کی جو صفات بیان کی ہیں ان کو نثر میں لکھیں۔

جواب: انسان اپنی عاجزی، اپنے اخلاق سے بڑا بنتا ہے۔ اگر انسان دوسروں سے محبت کرتا، بے کسوں، غریبوں کی حمایت کرتا اور بہادری سے برائی کی طاقت سے لڑتا ہے تو وہ بڑا آدمی کہلانے کے لائق ہے۔

واحد الفاظ کے جمع لکھیں۔

| واحد | جمع | واحد | جمع | واحد | جمع |
|---|---|---|---|---|---|
| غریب | غریبوں | شعر | اشعار | حمایت | حمایتیں |
| محبت | محبتیں | نفرت | نفرتیں | اصول | اصولوں |

مناسب الفاظ کی مدد سے مصرے مکمل کریں۔

1. عاجزی کو جو اپنا بنائے شعار
2. جو اصولوں کی خاطر کبھی مت جھکے
3. جو کسی حال میں بددیانت نہیں

4 حق کی خاطر جو سہتا ہے ہر ستم

5 بات جب وہ کرے اس میں تاثیر ہو

متضاد الفاظ لکھیے۔

| الفاظ | متضاد | الفاظ | متضاد | الفاظ | متضاد |
|---|---|---|---|---|---|
| غریب | امیر | نفرت | محبت | دشمن | دوست |
| بددیانت | دیانت | بڑا | چھوٹا | حمایت | مخالف |

دی گئی جگہ پر کسی اور نظم کے چند اشعار لکھیں جس میں انسان کی بڑائی کے اصول بیان کیے گئے ہوں۔

دیے گئے الفاظ کے دو دو ہم قافیہ الفاظ لکھیں۔ جیسے تصویر۔ شمشیر۔ تاثیر

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| شکایت | حمایت | حکایت | زندگی | بندگی | گندگی |
| امانت | دیانت | کرامت | سہتا | کہتا | بہتا |

○○○○○○○○○○

سبق نمبر: 5

# ہم نے سیر کی

## حل مشقی سوالات

درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔

1 بچے کس کا انتظار کر رہے تھے؟ جواب: بچے سیر پر جانے کا انتظار کر رہے تھے۔

2 قلعہ روہتاس کہاں ہے اور کس نے تعمیر کرایا؟

جواب: قلعہ روہتاس جہلم میں اور یہ ہندوستان کے بادشاہ شیر شاہ سوری نے تعمیر کرایا۔

3 اسلام آباد کی اہم جگہوں کے نام لکھیں۔

جواب: سپریم کورٹ، قائداعظم یونیورسٹی، شاہ فیصل مسجد۔

4 بچوں نے مری میں کون کون سی جگہوں کی سیر کی؟

جواب: بچوں نے وادی کاغان، ناران اور بالاکوٹ کی سیر کی۔

5 رات کو بچوں نے کہاں قیام کیا؟

**جواب:** رات کو بچوں نے مری کے ایک ہوٹل میں قیام کیا۔

**خالی جگہیں پر کریں۔**

1. مری کا مشہور روڈ <u>مال روڈ</u> ہے۔
2. فیصل مسجد <u>سعودی عرب</u> کے تعاون سے بنی۔
3. مال روڈ پر لوگوں کی <u>گہما گہمی</u> تھی۔
4. مری سطح سمندر سے <u>سات ہزار فٹ</u> بلند ہے۔
5. رات گئے تک دن بھر کی حسین <u>وادیوں</u> کا ذکر کرتے رہے۔

**جملے بنائیں۔** دھیرے دھیرے، قابلِ دید، قیام، خوشگوار، گہما گہمی، مناظر

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| دھیرے دھیرے | چھٹیاں دھیرے دھیرے گزر رہی ہے۔ |
| قابل دید | قدرتی مناظر قابل دید ہوتے ہیں۔ |
| قیام | رات کو ہم نے ہوٹل میں قیام کیا۔ |
| خوشگوار | آج موسم خوشگوار ہے۔ |
| گہما گہمی | بازار میں بہت گہما گہمی ہے۔ |
| مناظر | ہم نے مری میں حسین مناظر دیکھے۔ |

**سبق میں جن مشہور مقامات کا ذکر آیا ہے ان کے نام لکھیں۔**

**جواب:** قلعہ روہتاس، مارگلہ کی پہاڑیاں، مال روڈ، پتریاٹہ، وادی کاغان، ناران، بالاکوٹ

**آپ کسی مقام کی خیالی سیر پر ایک مضمون لکھیں۔**

**جواب:** ہم اتوار کے دن اپنے اسکول کی طرف موئن جودڑو کی سیر پر گئے۔ ہم صبح سات بجے اسکول پہنچے۔ وہاں سے ہم بس کے ذریعے دس بجے موئن جودڑو پہنچے۔ وہاں ہم نے باغ میں تھوڑی دیر آرام کیا پھر عجائب گھر دیکھا۔ عجائب گھر دیکھنے کے بعد ہم نے وہاں کے کھنڈرات دیکھے۔ دوپہر کے ایک بجے ہم نے کھانا کھایا۔ پھر کچھ سیر کی۔ شام چار بجے ہم نے چائے پی۔ کچھ دیر بعد ہم گھر کے لیے روانہ ہوئے۔ آٹھ بجے ہم اسکول واپس پہنچے۔ وہاں سے ہم اپنے اپنے گھر واپس چلے گئے۔

واحد الفاظ کی جمع لکھیں۔

| واحد | جمع | واحد | جمع | واحد | جمع |
|---|---|---|---|---|---|
| چھٹی | چھٹیاں | ہفتہ | ہفتے | کپڑا | کپڑے |
| مزا | مزے | چھلانگ | چھلانگیں | علاقہ | علاقے |

درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

1. مری کو کہتے ہیں۔

(الف) کشمیر پوائنٹ (ب) ملکۂ کوہسار (ج) وادیٔ کاغان

**جواب:** ملکہ کوہسار

2. فیصل مسجد کہاں ہے؟

(الف) مری میں (ب) ایبٹ آباد میں (ج) اسلام آباد میں

**جواب:** اسلام آباد میں

3. بچے چیئر لفٹ میں کہاں بیٹھے؟

(الف) ناران (ب) پتریاٹہ (ج) کشمیر پوائنٹ

**جواب:** پتریاٹہ

4. ہم چلتے چلتے پہنچ گئے؟

(الف) راولپنڈی پوائنٹ (ب) کشمیر پوائنٹ (ج) نتھا گلی

**جواب:** کشمیر پوائنٹ

درست جواب کے آگے (✓) کا نشان اور غلط کے آگے (✗) کا نشان لگائیں۔

1. گرمیوں کی چھٹیاں تیزی سے گزر رہی تھیں۔ ✗
2. مری کو ''ملکہ کوہسار'' کہا جاتا ہے۔ ✓
3. اسلام آباد چاروں طرف سے سرسبز پہاڑیوں میں گھرا ہوا خوبصورت شہر ہے۔ ✓
4. مال روڈ کے ایک سرے کو پنڈی پوائنٹ اور دوسرے سرے کو کشمیر کہتے ہیں۔ ✓
5. رات کو ہم نے مری کے ایک گھر میں قیام کیا۔ ✗

دی گئی جگہ پر پاکستان کا نقشہ بنائیں اور اس میں رنگ بھریں۔

**نوٹ:** اساتذہ خود کریں۔

سبق نمبر: 6

# آلودگی

## حل مشقی سوالات

### درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔

**1 ہوا کیسے آلودہ ہوتی ہے اور اس کے کیا نقصانات ہیں؟**

**جواب:** مختلف قسم کی زہریلی گیسیں، چھوٹے چھوٹے ذرات اور دھواں ہوا کو آلودہ کرتے ہیں۔ یہ گیسیں اور ذرات ہمارے جسم میں داخل ہو کر اعصابی نظام اور نظر کو نقصان پہنچاتے ہیں۔

**2 پانی کیسے آلودہ ہوتا ہے؟ آلودہ پانی پینے کے کیا نقصانات ہیں؟**

**جواب:** ہمارے گھروں اور کارخانوں کے استعمال شدہ پانی میں مضرِ صحت ذرات شامل ہوتے ہیں۔ یہ پانی زمین اور دریاؤں میں شامل ہو کر ہمارے پینے والے پانی کو آلودہ کر دیتا ہے۔ آلودہ پانی کے استعمال سے پیٹ کی بیماریاں، دست، قے، کینسر، نظام انہضام کی خرابیاں پیدا ہوتی ہیں۔

**3 شور کی آلودگی سے کیا مراد ہے؟ شور کن چیزوں سے پیدا ہوتا ہے؟**

**جواب:** بہت بلند آوازیں، ٹریفک کے ہارن، کارخانوں کی تیز آواز، جہازوں کی خوفناک آوازیں شور کی آلودگی کہلاتی ہیں۔ یہ شور گاڑیوں، فیکٹریوں کے چلنے اور بلند آواز سے ٹی وی، ریڈیو چلنے سے پیدا ہوتا ہے۔

**4 شور کی آلودگی کے نقصانات لکھیں۔**

**جواب:**
1. اعصابی نظام کمزور پڑ جاتا ہے۔
2. انسان نفسیاتی طور پر چڑچڑا ہو جاتا ہے۔
3. بلڈ پریشر میں اضافہ اور دل کی بیماریاں پیدا ہو جاتی ہیں۔

### دیے گئے الفاظ کے واحد لکھیں۔

| واحد | جمع | واحد | جمع | واحد | جمع |
|---|---|---|---|---|---|
| اقدامات | اقدام | انتظامات | انتظام | دھاتیں | دھات |
| اثرات | اثر | اوقات | وقت | ادویات | دوا |

## خالی جگہیں پر کریں۔

1. زہریلی گیسیں اور دھواں ہوا کو آلودہ کر رہے ہیں۔
2. دھوئیں میں سیسہ کی کافی مقدار ہوتی ہے۔
3. کارخانوں کے استعمال شدہ پانی میں مضرِ صحت ذرات ہوتے ہیں۔
4. زیادہ شور سے اعصابی نظام کمزور پڑ جاتا ہے۔

## درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

1. ہوا یا پانی کے خراب ہونے کو کہتے ہیں:

(الف) آلودگی ✓ (ب) فرسودگی (ج) آسودگی

2. انسان نت نئی کر رہا ہے:

(الف) عبادات (ب) ایجادات ✓ (ج) اعتراضات

3. آلودہ پانی سے خراب ہو جاتا ہے:

(الف) نظامِ انہضام ✓ (ب) نظامِ اعصاب (ج) نظامِ تنفس

4. ریڈیو۔ ٹی وی کی آواز ہونی چاہیے:

(الف) اونچی (ب) مدھم ✓ (ج) آہستہ

5. زیادہ سے زیادہ لگانا چاہیے:

(الف) پودا (ب) درخت ✓ (ج) پھل

## الفاظ کے معنی لکھیں۔

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|---|---|
| ماحول | ہمارا اردگرد | آلودگی | گندگی | اقدامات | قدم اٹھانا |
| سیراب | مہیا کرنا | ایجادات | نئی چیز کا عمل میں آنا | مدھم | دھندلی |

## جملے بنائیں۔ ادویات، کھاد، مشین، کارخانہ، آلودگی

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| ادویات | ادویات ہماری زندگی کا حصہ بن گئی ہیں۔ |
| کھاد | کھاد فصلوں کی کاشت میں استعمال ہوتی ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| مشین | آج کی دنیا میں مشین کی بہت اہمیت ہے۔ |
| کارخانہ | میرے دوست کا ابو کا کراچی میں کپڑے کا کارخانہ ہے۔ |
| آلودگی | آلودگی ہماری صحت کے لیے نقصان دہ ہے۔ |

**دیے گئے الفاظ کو تہجی ترتیب سے لکھیں۔**

مضر، جراثیم، شور، سماعت، مدھم

**جواب:** جراثیم، سماعت، شور، مدھم، مضر

**دی گئی جگہ پر آلودگی پر چند جملے لکھیں۔**

**جواب:** ہوا یا پانی کے خراب ہونے کو آلودگی کہتے ہیں۔ کارخانوں کا دھواں، زہریلی گیسیں، ٹریفک کا شور ہمارے ماحول میں پایا جاتا ہے۔ انسان اور دوسرے جاندار اس سے متاثر ہو رہے ہیں۔ آلودگی میں ہوا کی آلودگی، پانی کی آلودگی اور شور کی آلودگی شامل ہیں۔

○○○○○○○○○○

سبق نمبر: 7

# حضرت علی رضی اللہ عنہ

## حل مشقی سوالات

**درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔**

1. **حضرت علیؓ کون تھے؟** **جواب:** حضرت علیؓ مسلمانوں کے چوتھے خلیفہ تھے۔
2. **حضرت علیؓ کی بہادری کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟**

**جواب:** حضرت علیؓ بہادری میں بے مثال تھے۔

3. **حضرت علیؓ کی پرورش کس نے کی؟** **جواب:** حضرت علیؓ کی پرورش آنحضور ﷺ نے کی۔
4. **حضرت علیؓ نے یہودی کا سر کیوں قلم نہ کیا؟**

**جواب:** حضرت علیؓ نے یہودی کا سر قلم نہیں کیا کیونکہ اس نے آپؓ کے منہ پر تھوک دیا تھا۔

5. **حضرت علیؓ کی شادی کس سے ہوئی تھی؟**

**جواب:** حضرت علیؓ کی شادی حضرت محمد ﷺ کی بیٹی حضرت فاطمہؓ سے ہوئی تھی۔

6. **حضرت علیؓ کے بیٹوں اور بیٹیوں کے نام لکھیں۔**

**جواب:** آپؓ کی دو بیٹیاں حضرت زینبؓ اور حضرت اُم کلثوم اور دو بیٹے حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ تھے۔

**خالی جگہیں پر کریں۔**

1. حضرت علیؓ مسلمانوں کے چوتھے خلیفہ تھے۔
2. حضرت علیؓ کو علم کا دروازہ کہتے ہیں۔
3. آپؓ کی شادی حضرت فاطمہؓ سے ہوئی۔
4. نبی ﷺ نے امانتیں حضرت علیؓ کے حوالے کیں۔
5. آپؓ نے خیبر کا قلعہ فتح کیا۔
6. مرحب خیبر کا مشہور پہلوان تھا۔

**واحد الفاظ کے جمع اور جمع کے واحد لکھیں۔**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| **خاندان** | خاندانوں | **منصوبہ** | منصوبے | **خلیفہ** | خلفاء/خلیفے |
| **امانتیں** | امانت | **مثال** | مثالیں | **عبادات** | عبادت |
| **رقم** | رقوم | | | | |

**آپ اس سبق کے آخری دو پیراگراف کو فعل حال میں لکھیے۔ شروع اس طرح سے ہوگا۔**

**جواب:** حضرت عمرؓ حضرت علیؓ کی رائے کی ہمیشہ قدر کرتے ہیں اور آپؓ سے مشورہ کرتے ہیں۔ یہی حال باقی دونوں خلفائے راشدین کا بھی ہے۔ حضرت عثمانؓ کی شہادت کے بعد حضرت علیؓ کو تمام مسلمانوں متفقہ طور پر خلیفہ چنتے ہیں۔ حضرت علیؓ صبر وقناعت کا نمونہ ہیں۔ آپؓ دوران خلافت بھی اس روش کو کبھی ترک نہیں کرتے۔ حضرت علیؓ اجرت پر لوگوں کے کھیت سیراب کرتے ہیں اور جو کچھ رقم ملتی اس سے گھر کے اخراجات پورے کرتے ہیں۔ آپؓ کے عہد میں مسلمان کافی خوشحال ہوتے ہیں۔ آپؓ سے لوگ درخواست کرتے کہ آپؓ اپنا خرچ بیت المال سے لیا کریں مگر آپؓ انکار کر دیتے۔

حضرت علیؓ کی شادی حضرت محمد ﷺ کی بیٹی حضرت فاطمہؓ سے ہوتی ہے۔ آپؓ کی دو بیٹیاں حضرت زینبؓ اور حضرت اُم کلثومؓ اور دو بیٹے حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ ہیں۔ یہ آپؓ کی تربیت ہے کہ حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ دین کی راہ میں اپنی اور اپنے خاندان کی شہادت گوارا کرتے ہیں مگر دین اسلام پر آنچ نہیں آنے دیتے۔

جملے بنائیں۔ سپہ سالار، فتح، بہادر، کمان، قلعہ، حکمت و دانش

| جملے | الفاظ |
|---|---|
| تاریخ میں بہت بہادر سپہ سالار گزرے ہیں۔ | سپہ سالار |
| جنگ خیبر میں مسلمانوں کو فتح حاصل ہوئی۔ | فتح |
| میرا دوست بہت بہادر ہے۔ | بہادر |
| جنگ خیبر میں حضرت علیؓ نے کمان سنبھالی۔ | کمان |
| کوڈ ڈیجی قلعہ بہت پرانہ ہے۔ | قلعہ |
| اللہ تعالیٰ نے حضرت علیؓ کو بہت حکمت و دانش عطا کی تھی۔ | حکمت و دانش |

سوچیں اور جواب دیں۔

1. حضرت علیؓ کی سیرت میں کون سی باتیں اچھی لگی اور کیوں؟

**نوٹ:** اس سوال کا جواب طلبہ اساتذہ کی مدد سے خود لکھیں۔

**اہم نوٹ:** زمانے تین ہیں۔ ماضی، حال، مستقبل۔گزرے زمانے کو ماضی کہتے ہیں۔ جیسے اس نے کھانا کھایا۔ ہم اسکول جاتے تھے وغیرہ۔ یہ سبق فعل ماضی میں لکھا گیا ہے کیونکہ حضرت علیؓ آج کے دور سے بہت پہلے ہو گزرے ہیں۔

درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیے۔

| معنی | الفاظ | معنی | الفاظ | معنی | الفاظ |
|---|---|---|---|---|---|
| آنکھیں | آشوب چشم | بہادری | شجاعت | پہلا | اولین |
| طریقے | روش | ماننا | اعتراف | گردن کاٹنا | سرقلم |

کالم ''الف'' کو کالم ''ب'' سے ملائیں۔

| کالم ب | کالم الف |
|---|---|
| دینے کے لیے تیار ہے۔ | حضرت علیؓ مسلمانوں کے |
| پیاسے ہو رہے تھے۔ | تم میں سے کون میرا ساتھ |
| چوتھے خلیفہ تھے۔ | اہل مکہ آنحضورﷺ کے خون کے |

| | |
|---|---|
| حضرت علیؓ نے فوراً | کافی خوشحال ہو گئے تھے۔ |
| آپؓ کے عہد میں مسلمان | اس یہودی کو چھوڑ دیا۔ |

**دی گئی جگہ پر اپنے استاد کی مدد سے حضرت علیؓ کی بہادری کا کوئی اور واقعہ لکھیں۔**

**جواب:** حضرت علیؓ شجاعت اور بہادری میں بے مثال تھے۔ غزوہ خیبر میں ایک قلعہ کسی طرح بھی فتح نہیں ہو رہا تھا۔ اس قلعہ کو حضرت علیؓ اپنی بہادری سے فتح کیا۔ آپؓ کی بہادری کی وجہ سے آنحضورﷺ نے اسد اللہ کا خطاب دیا۔

○○○○○○○○○○○

سبق نمبر: 8

# انعام کسے ملا؟

## حل مشقی سوالات

**درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔**

1. **بی مرغی صبح سیر کیوں کرتی تھی؟**

**جواب:** بی مرغی ذہن تازہ کرنے کے لیے صبح کی سیر کرتی تھی۔

2. **چھٹکی گلہری کہاں جا رہی تھی؟**

**جواب:** چھٹکی گلہری رس بھریاں لینے جا رہی تھی۔

3. **اچانک ہی جنگل کے موسم میں کیا تبدیلی آئی تھی؟**

**جواب:** اچانک ہی جنگل میں زور کے جھکڑ چلے اور زبردست برف باری ہوئی۔

4. **بی مرغی نے اس بات کے جواب میں کہ وہ کتاب کس کے نام کرے گی کیا کہا؟**

**جواب:** بی مرغی نے اس بات کے جواب میں کہا کہ وہ یہ کتاب چھٹکی کے نام کرے گی۔

5. **برف باری کے نتیجے میں جنگل کے جانوروں کے ساتھ کیا ہوا؟**

**جواب:** برف باری کے نتیجے میں جنگل کے جانوروں کی خوراک تین دن میں ختم ہو گئی۔

6. **بی مرغی نے کتاب کا انتساب کس کے نام کیا تھا؟**

**جواب:** بی مرغی نے کتاب کا انتساب چھٹکی کے نام کیا۔

7. **چھٹکی گلہری نے اپنے دوستوں کی کس طرح مدد کی؟**

**جواب:** چھٹکی گلہری چپکے سے اپنے دوستوں کے گھر کے باہر کچھ نہ کچھ رکھ کر واپس چلی جاتی تھی۔

درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیں اور جملوں میں استعمال کریں۔

انتساب، گہما گہمی، پسندیدہ، سہانی، وضاحت، خوشگوار

| الفاظ | معنی | جملے |
|---|---|---|
| انتساب | ٹائٹل | میں نے اپنی کتاب کا انتساب اپنے ماموں کے نام کیا۔ |
| گہما گہمی | شور شرابہ | آج بازار میں بہت گہما گہمی ہے۔ |
| پسندیدہ | دل کو لبھانی والی چیز | میرا پسندیدہ پھل آم ہے۔ |
| سہانی | خوشگوار | آج رات بڑی سہانی ہے۔ |
| وضاحت | تفصیل سے بیان کرنا | سائنس کے ٹیچر نے ہمیں وضاحت سے دماغ کا سبق پڑھایا۔ |
| خوشگوار | دل کو لبھانے والا ماحول | آج موسم بہت خوشگوار ہے۔ |

خالی جگہیں پر کریں۔

1. مرغی بولی مانی بھیا میری کتاب چھپنے والی ہے۔ (کطاب، کتاب)
2. اور پھر فاقے شروع ہو گئے۔ (فاقے، فاکے)
3. گوری نے بی مرغی کو بتایا صبح مانی آیا تھا۔ (صبح، سبح)
4. درخت سفید برف سے ڈھک گئے۔ (صفید، سفید)
5. بی مرغی نے وضاحت کی۔ (وضاحت، وظاحت)

سوچیں اور جواب دیں۔

1. یہ کہانی ہمیں کیا سبق دیتی ہے؟

نوٹ: طلبہ اپنے اساتذہ کی مدد سے خود کریں۔

درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

1. موسم بڑا تھا:

(الف) حبس والا (ب) بارش والا (ج) خوشگوار ✓

2. مرغی بولی مانی بھیا چھپنے والی ہے:

(الف) میری کتاب (ب) میری کاپی (ج) میری پنسل

3. گوری بطخ نے پوچھا:

(الف) غصے سے (ب) مسکراتے ہوئے (ج) درد سے

4. دوسری صبح اسے پڑی ہوئی ملی:

(الف) روٹی (ب) مٹھائی (ج) رس بھری

5. کافی دیر کے بعد اسے آتا ہوا نظر آیا:

(الف) اپنے باغ کی طرف (ب) اپنے گھر کی طرف

(ج) اپنے جنگل کی طرف

**واحد الفاظ کو جمع سے ملائیں۔**

| | |
|---|---|
| یوم | پھلیاں |
| جنگل | پتے |
| پتا | ایام |
| بوڑھا | جنگلات |
| پھلی | بوڑھے |

**جملے بنائیں۔** جھکڑ، برف باری، مہربان، رس بھری، حیران، چسکے

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| جھکڑ | آج ہوا کے جھکڑ چل رہے ہیں۔ |
| برف باری | مری میں برف باری ہوتی ہے۔ |
| مہربان | آپ ﷺ لوگوں پر بہت مہربان تھے۔ |
| رس بھری | لومڑی رس بھری کھا رہی تھی۔ |

| | |
|---|---|
| حیران | میں اپنے دوست کی ناکامی پر حیران ہوا۔ |
| چپکے | خرگوش نے چپکے سے مرغی کی مدد کی۔ |

**اس کہانی میں جتنے جانوروں کے نام آئے ہیں ان کو اپنی کاپی پر لکھیں۔**

**جواب:** مرغی، خرگوش، بطخ، گلہری

○○○○○○○○○○

سبق نمبر:9

# پہاڑ اور گلہری

## حل مشقی سوالات

**نظم پڑھیں اور سوالوں کے جوابات دیں۔**

1. **پہاڑ نے گلہری سے کیا کہا؟**

**جواب:** پہاڑ نے گلہری سے کہا کہ شرم سے پانی میں ڈوب مرو۔

2. **پہاڑ نے اپنی کس بات پر فخر کا اظہار کیا اور گلہری کو گھٹیا قرار دیا؟**

**جواب:** پہاڑ نے اپنی اونچی شان پر فخر کا اظہار کیا اور گلہری کو گھٹیا قرار دیا۔

3. **گلہری نے پہاڑ کو کیا جواب دیا؟**

**جواب:** گلہری نے پہاڑ کو یہ جواب دیا کہ تو بھی میری طرح چھوٹا ہے۔

4. **گلہری نے اپنے چھوٹے ہونے کو کس کی حکمت قرار دیا؟**

**جواب:** گلہری نے اپنے چھوٹے ہونے کو اللہ کی حکمت قرار دیا۔

5. **گلہری نے پہاڑ کی بڑائی پر کیا کہہ کر طنز کیا؟**

**جواب:** گلہری نے پہاڑ کی بڑائی پر یہ طنز کیا کہ قدم اٹھانے کی طاقت نہیں ذرا تجھ میں۔

5. **گلہری نے اپنی کون سی خوبی بیان کی جو پہاڑ میں نہیں ہے؟**

**جواب:** گلہری نے اپنی یہ خوبی بتائی کہ میں درخت پر چڑھ سکتی ہوں لیکن تو نہیں۔

6. **اس نظم کے شاعر کون ہیں؟**

**جواب:** اس نظم کے شاعر علامہ اقبال ہیں۔

الفاظ کے معنی لکھیں۔

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|---|---|
| غرور | تکبر | پست | نیچا | نکمی | نالائق |
| شعور | عقل | بساط | نرالی | ناچیز | بے کار |

دیے گئے الفاظ کے ہم قافیہ الفاظ لکھیں جو نظم میں استعمال نہ ہوئے ہوں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| غرور | سرور | عجیب | قریب | حکمت | قسمت |
| دکھا | رکھا | زمانے | پرانے | نکال | کمال |

اشعار مکمل کیجیے۔

1. کوئی پہاڑ یہ کہتا تھا ایک گلہری سے
2. تجھے ہو شرم تو پانی میں جا کے ڈوب مرے
3. جو بات مجھ میں ہے، تجھ کو ہے وہ نصیب کہاں
4. بھلا پہاڑ کہاں، جانور غریب کہاں

جملے بنائیں۔ شعور، غرور، باتمیز، بساط، نصیب، حکمت

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| شعور | تعلیم سے شعور حاصل ہوتا ہے۔ |
| غرور | ہمیں غرور نہیں کرنا چاہیے۔ |
| باتمیز | اسکول کے طلبہ باتمیز تھے۔ |
| بساط | میری شان بڑی بساط ہے۔ |
| نصیب | ہر کسی کا اپنا اپنا نصیب ہوتا ہے۔ |
| حکمت | کائنات کی ہر چیز اللہ کی حکمت سے چلتی ہے۔ |

درج ذیل الفاظ کے متضاد لکھیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| غرور | ہمدردی | چیز | ناچیز | شعور | لاشعور |
| طاقت | کمزوری | خوبی | برائی | نکمی | محنتی |

☆ **اس نظم کو کہانی کی شکل میں لکھیں۔**

پہاڑ گلہری سے غرور تکبر کے الفاظ کہتے ہوئے کہتا ہے کہ تو چھوٹی ناچیز ہے۔ خدا کی شان ہے کہ تو اپنے آپ کو کچھ سمجھتی ہے۔ پہاڑ کہتا ہے مجھ جیسی طاقت تجھ میں نہیں۔ میں پہاڑ کہاں تو گلہری۔ غریب جانور کہاں؟ گلہری نے پہاڑ کی باتیں سن کر پہاڑ سے کہا منہ سنبھال کر بات کر۔

- غرور و تکبر اللہ کو ناپسند ہے۔
- خدا کی قدرت ہے اس دنیا میں کوئی چھوٹا ہے اور کوئی بڑا ہے۔
- اس دنیا میں کوئی چیز بے کار نہیں۔ اللہ نے دنیا کی ہر چیز میں اپنی حکمت رکھی ہے۔
- اگر تجھے دنیا میں بڑا بنایا ہے تو مجھے درخت پر چڑھنا بھی اسی نے سکھایا ہے۔

○○○○○○○○○○

سبق نمبر: 10

# نشان حیدر (I)

## حل مشقی سوالات

**سبق پڑھیں اور سوالوں کے جوابات دیں۔**

**1. سب سے بڑا فوجی اعزاز کون سا ہے اور کیوں دیا جاتا ہے؟**

**جواب:** سب سے بڑا فوجی اعزاز نشان حیدر ہے جو فوجیوں کو دشمن کے خلاف بہادری سے لڑنے پر دیا جاتا ہے۔

**2. سب سے پہلے نشان حیدر پانے والے کون تھے اور آپ ان کے کارنامے کے متعلق کیا جانتے ہیں؟**

**جواب:** سب سے پہلے نشان حیدر کیپٹن سرور شہید کو ملک کی حفاظت کی خاطر سخت جدوجہد اور جان کا نذرانہ پیش کرنے پر عطا کیا گیا۔

**3. میجر محمد طفیل کب اور کہاں شہید ہوئے؟**

**جواب:** میجر محمد طفیل 5 اگست 1985ء لکشمی پور کے علاقے میں شہید ہوئے۔

**4. میجر راجہ عزیز بھٹی کی شہادت کا واقعہ لکھیے۔**

**جواب:** 12 ستمبر کی صبح جب وہ برابر اپنے ساتھیوں کو حوصلہ بڑھانے اور دشمن پر حملہ کا مشورہ دے رہے تھے

کہ ایک گولہ ان کے نشانے پر لگا اور وہ شہید ہو گئے۔

**پاک فضائیہ کے شہید پائلٹ جنھوں نے نشانِ حیدر کا اعزاز حاصل کیا کون تھے اور کیسے شہید ہوئے؟**

**جواب:** پاک فضائیہ کے پائلٹ راشد منہاس نے نشانِ حیدر کا اعزاز حاصل کیا۔

**جنگ کے دوران استعمال ہونے والے ہتھیاروں کے نام لکھیں۔**

**جواب:** بھاری گن، مشین گن، مارٹر گن، برین گن، دستی بم، طیارہ

**درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیں۔**

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|---|---|
| اعزاز | انعام | ورثے | خاندان/ خاندانی | سرخرو | کامیاب |
| جرأت مندانہ | ہمت والا کام کرنا | دستاویزات | کاغذات | فائز | کسی بڑے عہدے پر آنا |

**سوچیں اور جواب دیں۔**

1. **کیا آپ بڑے ہو کر فوج میں جانا پسند کریں گے؟ اگر ہاں تو کیوں؟**
2. **اگر راشد منہاس کی جگہ آپ ہوتے تو کیا کرتے؟**
3. **آپ کو فوجی کیسے لگتے ہیں اور اگر اچھے لگتے ہیں تو کیوں؟**

**نوٹ:** ان کے جوابات طلبہ اساتذہ کی مدد سے خود لکھیں۔

**درست جواب کے آگے (✓) کا نشان اور غلط کے آگے (×) کا نشان لگائیں۔**

1. پاکستان اور بھارت بہت اچھے دوست ممالک ہیں۔ ×
2. نشانِ حیدر حاصل کرنے کے لیے شہید ہونا ضروری ہے۔ ✓
3. نشانِ حیدر پانے والے سب سے پہلے شہید راشد منہاس تھے۔ ×
4. میجر عزیز بھٹی **1965**ء کی جنگ میں شہید ہوئے۔ ✓
5. راشد منہاس دورانِ پرواز شہید ہوئے تھے۔ ✓

**خالی جگہیں پُر کریں۔**

1. نشانِ حیدر سب سے بڑا فوجی اعزاز ہے۔

2. وہ اپنے بہادر جوانوں کے ساتھ دشمن پر حملہ کرنے پہنچے۔

3. مقررہ دن ان کی فوج دشمن کے مورچوں کی جانب بڑھنے لگی۔

4. میجر محمد طفیل کے جسم سے اگرچہ خون کافی بہہ چکا تھا۔

5. مطیع الرحمٰن نے انھیں کلوروفارم سُنگھا کر بے ہوش کر دیا۔

**جملے بنائیں۔** دشمن، طاقت، بٹالین، پیش قدمی، قبضہ، نازک

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| دشمن | بھارت پاکستان کا پرانہ دشمن ہے۔ |
| طاقت | پاکستان ایک طاقت ور ملک ہے۔ |
| بٹالین | 1965ء کی جنگ میں پاک فوج کی بٹالین مضبوط تھی۔ |
| پیش قدمی | فوج نے دشمن ملک کی طرف پیش قدمی کی۔ |
| قبضہ | کشمیر پر بھارت کا قبضہ ہے۔ |
| نازک | میرے دوست کی طبیعت نازک ہے۔ |

**درست جواب منتخب کریں۔**

1. پاک فوج کے جیالوں نے وطن کی حفاظت کی خاطر پرواہ نہ کی:

(الف) اپنے مال تک کی (ب) اپنے ایمان تک کی

(ج) اپنی جان تک کی ✓

2. کیپٹن محمد سرور کو حکم ملا:

(الف) 12 جولائی 1948ء کو (ب) 27 جولائی 1948ء کو ✓

(ج) 30 جولائی 1948ء کو

3. دشمن کا مورچہ ان سے فاصلے پر تھا:

(الف) صرف 20 گز کے ✓ (ب) صرف 30 گز کے

(ج) صرف 40 گز کے

4. میجر محمد طفیل کے جسم سے کافی بہہ چکا تھا:

(الف) خون ✓ (ب) پانی (ج) رس

5 ان کی عظیم قربانی کے طفیل ........ کے اعزاز سرفراز کیا گیا:

(الف) نشانِ حیدر ✓ (ب) ستارہ جرات (ج) نوبل انعام

وہ اسم جو کسی جاندار یا غیر جاندار کی آواز کو ظاہر کرے اسم صوت کہلاتا ہے مثلاً گولی چلنے کی آواز، ٹھاہ، کوے کی آواز کائیں کائیں، آپ نیچے دی گئی اشیاء کی آوازیں لکھیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مرغی | ککڑوکوں | گھڑی | ٹن ٹن | کوئل | کو |
| چوڑی | چھن | بلی | میاؤں | کتا | بھاؤ بھاؤ |

دی گئی جگہوں پر نشانِ حیدر پانے والے چار شہداء کی تصاویر چسپاں کریں۔

**نوٹ:** یہ طلبہ خود کریں

اپنے استاد صاحب سے پوچھیں کہ نشانِ حیدر کے علاوہ کون کون سے فوجی اعزازات دیے جاتے ہیں؟

**نوٹ:** طلبہ اساتذہ کی مدد سے جواب خود لکھیں۔

○○○○○○○○○○

سبق نمبر: 11

# درخت ہمارے دوست

## حل مشقی سوالات

سبق پڑھیں اور سوالوں کے جواب دیں۔

1 ایک پودے کے کتنے حصے ہوتے ہیں؟ **جواب:** ایک پودے کے تین حصے ہوتے ہیں۔

2 جڑیں کیا کام کرتی ہیں؟

**جواب:** جڑ پودے کو زمین سے پانی اور خوراک فراہم کرتی ہے۔

3 کن پودوں کا تنا کھایا جاتا ہے؟ **جواب:** آلو اور ادرک کے تنے کھائے جاتے ہیں۔

4 کن پودوں کی جڑیں ہم بطور خوراک استعمال کرتے ہیں؟

**جواب:** شلجم، گاجر اور مولی کی جڑیں ہم بطور خوراک استعمال کرتے ہیں۔

5 پودوں کے خوراک میں استعمال ہونے کے علاوہ کیا فوائد ہیں؟

**جواب:** درخت ہماری فضا کو آلودگی سے بچاتے ہیں۔ درخت آکسیجن خارج کرتے ہیں جو انسانوں کے لیے ضروری ہے۔

☆ الفاظ کے معنی لکھیں اور انہیں جملوں میں استعمال کیجیے۔

| الفاظ | معنی | جملے |
|---|---|---|
| پھولدار | پھول والے | کچھ پودے پھول دار ہوتے ہیں۔ |
| متعلق | کسی کے بارے میں | آج ہم نے پودوں کے متعلق پڑھا۔ |
| لائق | قابل | ہمارے سائنس کے استاد بہت لائق ہیں۔ |
| نقصان | تباہی | کاربن ڈائی آکسائیڈ فضا کو نقصان پہنچاتی ہے۔ |
| پرجوش | جوش میں | احمد نے جماعت میں پرجوش تقریر کی۔ |

**درست جواب کے آگے (✓) کا نشان اور غلط کے آگے (×) کا نشان لگائیں۔**

1. درخت آلودگی کو بڑھاتے ہیں۔ ×
2. ہم ہر درخت کا پھل کھاتے ہیں۔ ×
3. ہر بچے کو پودا گھر سے لانے کو کہا گیا۔ ×
4. درخت آکسیجن جذب کرتے ہیں اور کاربن ڈائی آکسائیڈ خارج کرتے ہیں۔ ×
5. درخت دنیا کی رنگینی اور خوبصورتی کو بڑھاتے ہیں۔ ✓

**سوچیں اور جواب دیں۔**

1. **شجرکاری مہم منانے کا کیا مقصد ہوتا ہے؟**
2. **اگر درخت نہ لگائے جائیں تو کیا کیا نقصانات ہو سکتے ہیں؟**
3. **آپ کا پسندیدہ درخت کون سا ہے؟ آپ کو کیوں پسند ہے اور کیا آپ کے گھر میں درخت لگا ہوا ہے؟**

**نوٹ:** ان سوالات کے جوابات طلبہ اپنے اردو کے اساتذہ کی مدد سے لکھیں۔

**خالی جگہیں پر کریں۔**

1. اسکول میں <u>ہفتہ</u> شجرکاری منایا جا رہا تھا۔
2. اکثر لوگوں نے گنے کا <u>شربت</u> تو ضرور پیا ہوگا۔
3. درخت کے <u>تین</u> حصے ہوتے ہیں۔
4. ہر درخت کا پھل <u>کھانے</u> کے لائق نہیں ہوتا۔

5. درخت ہماری فضا کو آلودگی سے بچاتے ہیں۔

دس سبزیوں اور پھلوں کے نام لکھیں اور بتائیں کہ آپ کا پسندیدہ پھل اور سبزی کون سے ہیں؟ اور کیوں ہیں؟

| سبزیوں کے نام | پھلوں کے نام |
|---|---|
| بھنڈی | آم |
| لوکی | کیلا |
| شلجم | انار |
| مولی | انگور |
| آلو | سیب |
| پیاز | چیکو |
| گاجر | امرود |
| مٹر | انناس |
| کریلا | تربوز |
| بیگن | خربوزہ |

**میری پسندیدہ سبزی:** میری پسندیدہ سبزی بھنڈی ہے۔ مجھے بھنڈی کا ذائقہ اچھا لگتا ہے۔ بھنڈی کے مختلف سالن بنتے ہیں۔

**میرا پسندیدہ پھل:** میرا پسندیدہ پھل آم ہے۔ آم کے مختلف رنگ ہوتے ہیں۔ آم کی مختلف اقسام ہوتی ہیں۔ آم کا ذائقہ میٹھا ہوتا ہے۔ میں آم کا جوس شوق سے پیتا ہوں۔

**واحد وہ اسم ہے جو کسی ایک چیز یا شخص کو ظاہر کرتا ہے اور جمع وہ اسم ہے جو ایک سے زیادہ چیزوں کو ظاہر کرے۔ اردو میں واحد سے جمع بنانے کے مندرجہ ذیل قواعد ہیں۔**

1. اگر مذکر اسم کے آخر میں ''الف یا ہ'' ہو تو اس کو ''ے'' سے بدل دیتے ہیں جیسے لڑکا سے لڑکے۔
2. مؤنث اسم ہو اور اس کے آخر میں ''ی'' ہو تو آخر میں ''اں'' بڑھاتے ہیں۔ مثلاً جیسے لڑکی سے لڑکیاں۔

3. اگر مؤنث کے آخر میں ''واؤ'' ہو تو ''ئیں'' اضافہ کرتے ہیں جیسے خوشبو سے خوشبوئیں۔

4. بعض مؤنث اسموں کے آخر میں ''یں'' بڑھا کر جمع بنایا جاتا ہے جیسے دوات سے دواتیں۔

5. عربی اور فارسی کے اسموں کے آخر میں ''ات'' لگا کر جمع بنائی جاتی ہے کاغذ سے کاغذات۔

- آپ درج ذیل الفاظ کی جمع بنایئے۔

| واحد | جمع | واحد | جمع | واحد | جمع |
|---|---|---|---|---|---|
| باغ | باغات | سبزی | سبزیاں | جڑ | جڑیں |
| بات | باتیں | پودا | پودے | شجر | اشجار |

- ذیل میں سبزیوں پھلوں کے چارٹ دیے گئے ہیں آپ ان پر جڑ، تنا، پھل، پتے کا عنوان لگا کر بتائیں کہ کون سی تصویر کس کے متعلق ہے؟

نوٹ: تصاویر درج ذیل اشیاء کی ہوں۔

پہلا سیٹ: پالک۔ ساگ۔ قلفہ۔ میتھی۔ ہرا دھنیا

جواب: یہ پتے سے تعلق رکھتی ہیں۔

دوسرا سیٹ: گنا۔ آلو۔ ادرک۔

جواب: یہ تنے سے تعلق رکھتی ہیں۔

تیسرا سیٹ: مولی۔ گاجر۔ شلجم۔ چقندر

جواب: یہ جڑ سے تعلق رکھتی ہیں۔

چوتھا سیٹ: آم۔ امرود۔ مالٹا۔ انگور وغیرہ۔

جواب: یہ پھل سے تعلق رکھتی ہیں۔

○○○○○○○○○○

سبق نمبر: 12

## رات (نظم)

## حل مشقی سوالات

- دیے گئے سوالوں کا مختصر جواب لکھیں:

1. نیند میں کون کھو جاتا ہے؟ جواب: نیند میں ساری خدائی کھو جاتی ہے۔

2. **شاعر کے مطابق نیند کی لوری گاتی ہوئی کون آتی ہے؟**

**جواب:** شاعری کے مطابق نیند کی لوری گاتی ہوئی رات آتی ہے۔

3. **ہر طرف جل پھیلانے سے شاعر کا کیا مطلب ہے؟**

**جواب:** ہر طرف جل پھیلانے سے شاعر کا مطلب یہ ہے کہ رات کے آتے سارے عالم میں اندھیرا ہو جاتا ہے۔

4. **رات کے اندھیرے میں کس کی شکلیں نظر آنے لگتی ہیں؟**

**جواب:** رات کے اندھیرے میں بھوتوں کی شکلیں نظر آنے لگتی ہیں۔

5. **محنتی لوگ آرام سے کیوں سوتے ہیں؟**

**جواب:** محنتی لوگ دن بھر کام کرتے ہیں اس لیے وہ آرام سے سوتے ہیں۔

**دیے گئے الفاظ کے معنی اپنے استاد صاحب سے پوچھ کر لکھیں۔**

| لوری | نظم | کاجل | اندھیرا | تاریکی | اندھیرا |
|---|---|---|---|---|---|
| سنسار | معاشرہ | مکیں | رہائشی | بکھراتی | بکھیرتی |

**خالی جگہ پر کریں۔**

1. آئی لوری نیند کی گاتی ہوئی
2. ہر طرف اندھیرا کوئی پھیلا گیا
3. ہر طرف تاریکیاں چھانے لگیں
4. نیند کے جادو کا لوہا مان کر
5. رات ہے آرام کرنے کے لیے

**دیے گئے الفاظ کے اُلٹ الفاظ لکھیں۔**

| رات | دن | کالا | گورا | اندھیرا | اجالا |
|---|---|---|---|---|---|
| خاموش | شور کرنا | آبادی | غیر آبادی | لمبی | پتلی |

**درست جواب منتخب کریں۔**

1. ساری خدائی کھو گئی:

(الف) جنگل میں (ب) بستی میں (ج) نیند میں ✓

2. سارے عالم پر چھا گیا:

(الف) بادل (ب) اداسی (ج) اندھیرا ✓

3. تاریکی میں شکلیں نظر آنے لگیں:

(الف) جنوں کی (ب) چڑیلوں کی (ج) بھوتوں کی ✓

4. اللہ تعالیٰ نے دن بنایا ہے:

(الف) کام کرنے کے لیے ✓ (ب) آرام کرنے کے لیے

(ج) سفر کرنے کے لیے

**واحد الفاظ کی جمع لکھیں۔**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بستی | بستیاں | مکان | مکانات | شکل | شکلیں |
| لوری | لوریاں | تاریکی | تاریکیاں | خاموشی | خاموشیاں |

**دیے گئے شعر کی تشریح کریں۔**

1. رات آئی کل جہاں خاموش ہے

2. ہر مکیں اور ہر مکاں خاموش ہے

**تشریح:** اس شعر میں شاعر کہتے ہیں کہ جب رات آتی ہے تو سارے جہاں میں خاموشی ہو جاتی ہے۔ ہر شخص خاموش ہو جاتا ہے۔ ہر مکان بھی خاموش ہو جاتا ہے۔ یعنی ہر طرف سناٹے کا عالم ہو جاتا ہے۔

**دیے گئے سابقے سے مزید دو الفاظ بنائیں۔**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سیاہ | سیاہ رات | سیاہ قسمت | قابل | قابل فخر | قابل دید |

**جملے بنائیں۔** الفاظ، نیند، عالم، لمبی تان کر سونا، آرام، لوہا ماننا

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| نیند | احمد گہری نیند میں سو رہا ہے۔ |
| عالم | رات کو سارے عالم میں اندھیرا ہو جاتا ہے۔ |
| لمبی تان کر سونا | امجد لمبی تان کر سو رہا ہے۔ |
| آرام | اللہ تعالیٰ نے آرام کے لیے رات بنائی۔ |

| | |
|---|---|
| لوہا ماننا | احمد کے دوست احمد کو قابلیت کا لوہا مانتے ہیں۔ |

ایسا اسم جو وقت یا زمانے کے معنی دے اسے اسم ظرف زماں کہتے ہیں جیسے صبح، شام، مہینا وغیرہ

**جواب:** دن، رات، دوپہر، سال

---

سبق نمبر: 13

# پاکستانی ثقافت

## حل مشقی سوالات

**درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔**

1. **پاکستان کے لوگ کس مذہب کے ماننے والے ہیں؟**

**جواب:** پاکستان کے لوگ اسلام کے ماننے والے ہیں۔

2. **ہمارے ہاں کتنی طرز کے میلے منعقد ہوتے ہیں؟**

**جواب:** ہمارے ہاں تین طرز کے میلے ہوتے ہیں۔

1 مذہبی تہوار اور موسمی میلے　2 عرس　3 صنعتی نمائش اور میلے

3. **سب سے بڑی صنعتی نمائش کہاں لگتی ہے؟**

**جواب:** سب سے بڑی صنعتی نمائش لاہور میں لگتی ہے۔

4. **پاکستانی لوگ کس طرح کے کھانے پسند کرتے ہیں؟**

**جواب:** پاکستانی لوگ چٹ پٹے اور مصالحہ دار کھانے پسند کرتے ہیں۔

**درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیے۔**

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|---|---|
| ثقافت | رہن سہن | کوشاں | امید سے | اثرات | اثر کی جمع |
| تہوار | میلے | جزو | حصے | باوقار | عزت سے |

**خالی جگہیں پر کریں۔**

1. برصغیر پاک و ہند میں اسلام <u>صوفیوں</u> کے ذریعے پھیلا۔
2. صنعتی نمائش ضلعی سطح پر بھی لگتی ہیں مگر سب سے بڑی نمائش <u>لاہور</u> میں ہوتی ہے۔

3. پاکستان کے لوگ چٹ پٹے اور مصالحہ والے کھانے پسند کرتے ہیں۔

4. لباس کا ایک تعلق عمر اور افراد کے کام کی نوعیت سے بھی ہوتا ہے۔

5. دیہات میں بڑے بوڑھے اب بھی تہمد اور پگڑی باندھتے ہیں۔

## درست جواب منتخب کریں۔

1. پاکستان ایک ملک ہے:

(الف) ہندو (ب) عیسائی (ج) اسلامی ✓

2. مخصوص موسم میں منائے جاتے ہیں:

(الف) بعض میلے ✓ (ب) بعض تہوار (ج) بعض عیدیں

3. ضلعی سطح پر بھی لگتی ہیں:

(الف) میلے ✓ (ب) صنعتی نمائشیں (ج) جلوس

4. پاکستان کا قومی لباس ہے:

(الف) شلوار قمیض ✓ (ب) پینٹ شرٹ (ج) کرتا لنگی

5. ہم محبت کریں:

(الف) اپنے معاشرے سے (ب) اپنی دنیا سے (ج) اپنی ثقافت سے ✓

## جملے بنائیں۔ دیس، عکس، عرس، تبادلہ، موسم، نمائش

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| دیس | ہمارے دیس کا نام پاکستان ہے۔ |
| عکس | روشنی میں ہمیں دوسری چیزوں کا عکس نظر آتا ہے۔ |
| عرس | 14 صفر کو شاہ عبداللطیف کا میلہ لگتا ہے۔ |
| تبادلہ | میرے ابو کا تبادلہ لاہور ہو گیا ہے۔ |
| موسم | آج موسم بہت خوشگوار ہے۔ |
| نمائش | آج ہمارے اسکول میں کتابوں کی نمائش لگی۔ |

## سوچیں اور جواب دیں۔

1. ہماری ثقافت دوسرے ملک سے کیوں مختلف ہے؟

-2 ② میلوں اور تہواروں کی معاشرتی زندگی میں کیا اہمیت ہے؟

نوٹ: ان کے جواب طلبہ اپنے اردو کے اساتذہ کی مدد سے لکھیں۔

مترادف ہم معنی الفاظ کو کہا جاتا ہے مثلاً ثقافت کا ہم معنی لفظ تہذیب ہے۔آپ نیچے دیے گئے الفاظ کے مترادف لکھیے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| محبت | پیار | تفریح | گھومنا | جداگانہ | علیحدہ |
| بوڑھے | کمزور | علامت | نشانی | وقار | عزت |

کالم ''الف'' کو کالم ''ب'' سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| پاکستانی لوگ اپنے دیس سے | اور مصالحہ دار کھانے پسند کرتے ہیں۔ |
| بہار میں ہر علاقے کے لوگ اپنے اپنے | انداز میں میلے منعقد کرتے ہیں۔ |
| پاکستان کے لوگ چٹ پٹے | لازمی جزو ہے۔ |
| مصالحہ جات پاکستانی کھانوں کا | سادہ ہے۔ |
| دیہاتی لوگوں کی غذا | بہت پیار کرتے ہیں۔ |

اپنے دادا جان، دادی جان یا کسی بھی بزرگ سے انٹرویو لیں اور پوچھیں کہ ان کے دور میں لوگ تہوار کس طرح مناتے تھے، عام طور پر کیسا لباس پہنتے تھے،عیدیں کس طرح منائی جاتی تھیں وغیرہ۔اور دی گئی جگہ پر تحریر کریں۔

نوٹ: اس سرگرمی کو طلبہ خود کریں۔ اس سرگرمی کو حل کرنے میں طلبہ اپنے اساتذہ سے مدد لے سکتے ہیں۔

سبق نمبر: 14

# پیشے

## حل مشقی سوالات

درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔

① ہم بیمار ہو جائیں تو کس کے پاس جاتے ہیں؟

**جواب:** ہم بیمار ہو جائیں تو ڈاکٹر کے پاس جاتے ہیں۔

2. **انجینئر کیا کیا کام کرتے ہیں؟**

**جواب:** انجینئر عمارتیں بناتے ہیں۔کوئی کمپیوٹر بنانے کا ماہر ہوتا ہے۔کوئی کیمیائی مادوں کو استعمال کرتا ہے۔

3. **مزے دار مٹھائیاں کون بناتا ہے؟** **جواب:** مزے دار مٹھائیاں حلوائی بناتا ہے۔

4. **حجام کا کیا کام ہے؟** **جواب:** حجام کا کام لوگوں کے بال کاٹنا اور داڑھی بنانا ہے۔

5. **کس پیشے کو سب سے قابل احترام کہا گیا اور کیوں؟**

**جواب:** استاد کے پیشے کو سب سے قابل احترام کیا گیا ہے۔ یہ استاد ہی ہے جو ایک ننھے سے بچے کو پڑھنا لکھنا سکھا کر ایک کامیاب اور بڑا آدمی بناتا ہے۔

6. **لوہار اور کمہار کیا کام کرتے ہیں؟**

**جواب:** لوہار لوہے کا سازوسامان بناتا ہے۔

کمہار مٹی کے برتن بناتا ہے۔

**ذیل میں دیے گئے الفاظ کے معنی لکھیں اور جملوں میں استعمال کیجیے۔**

| اشرف المخلوقات | اعلیٰ مخلوق | مخصوص | خاص | صلاحیت | قابلیت |
|---|---|---|---|---|---|
| صحت یاب | تندرست | اہم | خاص | اشیاء | چیزیں |

**درست جواب کے آگے (✓) کا نشان اور غلط کے آگے (×) کا نشان لگائیں۔**

1. انسان اس کائنات کی تمام اشیاء کے تابع ہیں۔ ×
2. اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کو مخصوص صلاحیت سے نوازا ہے۔ ✓
3. انجینئر بیماروں کا علاج کرتے ہیں۔ ×
4. لوہار کا کام مٹکے اور صراحیاں بنانا ہے۔ ×
5. ہر کام اور پیشہ قابل عزت ہے۔ ✓

**خالی جگہیں پر کریں۔**

1. اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کو ایک مخصوص صلاحیت اور <u>ذہانت</u> سے نوازا ہے۔
2. اللہ تعالیٰ محنت کرنے والے سے <u>محبت</u> کرتا ہے۔
3. جب ہم بیمار ہو جاتے ہیں تو ڈاکٹر سے <u>دوائی</u> لیتے ہیں۔

4 کوئی کمپیوٹر بنانے کا انجینئر ہوتا ہے۔

5 استاد کا پیشہ سب سے زیادہ قابل احترام اور ضروری ہے۔

6 کمہار مٹی کے برتن بناتا ہے۔

واحد الفاظ کی جمع لکھیں۔

| واحد | جمع | واحد | جمع | واحد | جمع |
|---|---|---|---|---|---|
| مخلوق | مخلوقات | شے | اشیاء | پیشہ | پیشے |
| استاد | اساتذہ | مریض | مریضوں | بکری | بکریاں |

سوچیں اور جواب دیں۔

1 آپ بڑے ہو کر کیا بننا پسند کریں گے اور کیوں؟

2 اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو مختلف ہنر اور پیشے کیوں سکھائے؟

نوٹ برائے اساتذہ:

یہ سرگرمی طلبہ سے گروپ بنوا کر کروائیں۔

آپ نے اس سبق میں سات پیشوں کے متعلق پڑھا۔ اپنی پسند کے کوئی سے تین پیشے لیں اور ان سے متعلق اشیاء کی فہرست تیار کریں۔ ایک نمونے کے طور پر دیا جاتا ہے۔ مثلاً استاد کے پیشے میں استعمال ہونے والی چیزیں ہیں۔

کتاب، قلم، تختہ سیاہ، چاک، چارٹ، کاپی، ڈسٹر، رجسٹر وغیرہ۔

جواب: تین پیشے اور ان سے متعلق اشیاء

| ڈاکٹر | انجینئر | حجام |
|---|---|---|
| تھرمامیٹر<br>ٹارچ<br>انجیکشن | پلاس<br>ٹیسٹر<br>پیمائشی ٹیپ<br>نقشہ | قینچی<br>کنگا<br>شیشہ<br>کریم |

کلمہ وہ لفظ ہے جس کے کوئی معنی ہو یعنی بامعنی لفظ کلمہ کہلاتا ہے۔ مثلاً روٹی، تختہ، بعض اوقات ہم اپنی گفتگو میں ایسے الفاظ استعمال کر جاتے ہیں جن کا کوئی مطلب نہیں ہوتا۔ جیسے روٹی کے ساتھ

وو ٹی۔ وو ٹی ایک بے معنی لفظ ہے۔

- ذیل میں دیے گئے الفاظ سے مہمل کو خط کشید کیجیے۔

میل کچیل ، کھانا وانا ، گاڑی واڑی ، پانی وانی ، رونا دھونا

- کالم ''الف'' کو کالم ''ب'' سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| اس دنیا کی تمام اشیاء اللہ تعالیٰ نے انسان | ہسپتال ہوتے ہیں۔ |
| اللہ تعالیٰ کی نظر میں | بھی ایک فن ہے۔ |
| بیماروں کے علاج کے لیے | سب انسان برابر ہیں۔ |
| حلوائی رنگ برنگی مٹھائیاں | بڑی مہارت سے بناتا ہے۔ |
| حجام کا کام لوگوں کے | کے فائدے کے لیے پیدا کیں۔ |
| مٹی کے برتن بنانا | بال کاٹنا اور داڑھی بنانا ہے۔ |

- بتائیں کہ ذیل میں دیے گئے پیشوں سے وابستہ لوگ کیا کرتے ہیں؟

**کمہار:** کمہار مٹی کے برتن بناتا ہے۔

**حلوائی:** حلوائی رنگ برنگی مٹھائیاں، سموسے، پکوڑے اور کئی دوسری اشیاء بناتا ہے۔

**لوہار:** لوہار لوہے کا ساز وسامان بناتا ہے۔

○○○○○○○○○○

سبق نمبر: 15

# عقل استعمال کرو

## حل مشقی سوالات

- درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔

1. **سات دموں والے چوہے نے اسکول جانا کب شروع کیا؟**

**جواب:** سات دموں والے چوہے نے تین سال کی عمر میں اسکول جانا شروع کیا۔

2. **اسکول میں دوسرے چوہوں نے چھوٹے سات دموں والے چوہے کے ساتھ کیا سلوک کیا؟**

**جواب:** دوسرے چوہے اس کی سات دموں کی وجہ سے چھوٹے چوہے کو چھیڑتے تھے۔

3. سات دموں والے چوہے نے اپنی دموں کے ساتھ کیا کیا؟

**جواب:** چوہا ہر روز ایک ایک دم کٹواتا رہا۔

4. دوسرے چوہے چھوٹے سات دموں والے چوہے کا مذاق کیوں اڑاتے تھے؟

**جواب:** دوسرے چوہے چھوٹے سات دموں والے چوہے کا مذاق اس کی بے وقوفی کی وجہ سے اڑاتے تھے۔

**درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیے۔**

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|---|---|
| خوشی | سرور | افسردگی | غمی | دل پر پتھر رکھنا | دل مضبوط کرنا |
| اودھم مچانا | شور مچانا | لختِ جگر | جگر کا ٹکڑا | | |

**درست جواب کے آگے (✓) کا نشان اور غلط کے آگے (×) کا نشان لگائیں۔**

1. چوہے کو اپنی دمیں بہت پسند تھیں۔ ×
2. دوسرے چوہے اس کی سات دموں کی وجہ سے چھوٹے چوہے کو چھیڑتے تھے۔ ✓
3. چوہا ہر روز ایک ایک دم کٹواتا رہا۔ ✓
4. چوہا دوسرے چوہوں کے چھیڑنے کا بُرا نہیں مناتا تھا۔ ×

**خالی جگہیں پر کریں۔**

1. امی جان آپ مجھے کب اسکول بھیجیں گی؟
2. آخرکار چوہا تین سال کا ہو گیا۔
3. چوہے نے پھر اپنی امی سے کہا کہ اس کی ایک دم کاٹ دے۔
4. امی چوہوں نے اسکول میں پھر مجھے چھیڑا ہے۔
5. ماں نے دل پر پتھر رکھ کر ایک دم اور کاٹ دی۔

**سوچیں اور جواب دیں۔**

1. اگر کوئی ہمارا مذاق اڑائے تو ہمیں کیا کرنا چاہیے؟
2. اگر چھوٹے چوہے کی جگہ آپ ہوتے تو کیا کرتے؟
3. آپ کی کلاس میں کوئی نیا بچہ آئے تو آپ اس کے ساتھ کس طرح پیش آئیں گے؟

نوٹ: اس سرگرمی کے جوابات طلبہ اپنے اساتذہ کی مدد سے لکھیں۔

**مندرجہ ذیل جانوروں کے مذکر اور مؤنث لکھیں۔**

| مؤنث | مذکر | مذکر | مؤنث | مذکر | مؤنث |
|---|---|---|---|---|---|
| ہرنی | ہرن | بکرا | بکری | بندر | بندریا |
| ناگن | ناگ | لومڑ | لومڑی | اونٹ | اونٹنی |

سبق نمبر: 16

# نشانِ حیدر (۲)

## حل مشقی سوالات

**درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔**

**1 میجر محمد اکرم کب اور کہاں شہید ہوئے؟**

**جواب:** میجر محمد اکرم 1971ء کی جنگ میں ضلع دیناج پور میں شہید ہوئے۔

**2 میجر شبیر شریف کی شہادت کا واقعہ لکھیے۔**

**جواب:** میجر شبیر شریف نے دشمن کے حملہ آور ٹینکوں کو نشانہ بنانا شروع کیا۔ اسی دوران دشمن کا ایک گولہ ان کے سینے پر آ لگا اور وہ وطن پر قربان ہو گئے۔

**3 سوار محمد حسین کیسے شہید ہوئے؟**

**جواب:** سوار محمد حسین اپنے ایک رائفل بردار کو دشمن کے ٹھکانے دکھا رہے تھے تو دشمن نے مشین گنوں کی بوچھاڑ شروع کر دی جس نے ان کے سینے کو چھلنی کر دیا اور وہ شہید ہو گئے۔

**4 کیپٹن کرنل شیر خان اور حوالدار لالک جان کس جنگ میں شہید ہوئے؟**

**جواب:** کیپٹن کرنل شیر خان اور حوالدار لالک جان 1999ء کی جنگ میں شہید ہوئے۔

**درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیے۔**

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|---|---|
| قیادت | رہنمائی | نثار | قربان | رخ | سمت |
| نفوذ | بہنا | بے سروسامان | خالی ہاتھ | اعلیٰ | عمدہ |

## خالی جگہیں پر کریں۔

1. میجر محمد اکرم کی کمپنی میں رسد اور اسلحہ کی شدید کمی تھی۔
2. شبیر شریف نے بھارتی فوج کے میجر نارائن کو گھیر کر اسی کی مشین گن سے ہلاک کر دیا۔
3. سوار محمد حسین نے دشمن کو پاکستانی بارودی سرنگوں کے قریب مورچہ کھودتے دیکھا تو فوراً نائب کمانڈر کو اطلاع دی۔
4. کارگل پر دشمن اپنے قبضے کے خواب دیکھ رہا تھا۔
5. کارگل کے محاذ پر ملک کی حفاظت کا عزم لیے کیپٹن کرنل شیر خاں وہاں متعین تھے۔
6. حوالدار لالک جان ناردرن انفنٹری کے نڈر اور بے باک سپاہی تھے۔

## درج ذیل الفاظ کے متضاد لکھیں۔

| الفاظ | متضاد | الفاظ | متضاد | الفاظ | متضاد |
|---|---|---|---|---|---|
| شہید | غازی | قریب | دور | نقصان | فائدہ |
| قلیل | کثیر | درست | غلط | دشمن | دوست |

## جملے بنائیں۔ مسلط، چوکی، بکتر، اسلحہ، رسد، مرحلے

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| مسلط | بھارت نے 1965ء میں جنگ مسلط کی۔ |
| چوکی | بھارت نے پاکستان کی کچھ چوکیوں پر حملہ کیا۔ |
| بکتر | پاکستان کے کچھ فوجی بکتر بم میں گئے تھے۔ |
| اسلحہ | پاکستانی فوج کو اسلحہ کی کمی تھی۔ |
| رسد | پاکستانی فوج کو رسد کی کمی تھی۔ |
| مرحلے | پاکستان نے پہلے مرحلے میں بھارت کو منہ توڑ جواب دیا۔ |

## درست جواب کے آگے (✓) کا نشان اور غلط کے آگے (×) کا نشان لگائیں۔

1. نومبر 1975ء میں دشمن نے ایک بار پھر ہم پر جنگ مسلط کرنے کی کوشش کی۔ ×
2. دشمن نے میدان صاف دیکھا تو فخر اور غرور سے آگے بڑھتا گیا۔ ✓

3. 6 دسمبر کو دشمن نے ایک بار پھر حملہ کیا۔ ✓

4. میجر محمد اکرم کی کمپنی میں اسلحے کی رسد کی شدید زیادتی تھی مگر انہوں نے ہمت نہ ہاری۔ ✓

5. کارگل پر دشمن اپنے قبضے کا خواب دیکھ رہا تھا۔ ✓

**درج ذیل واحد کی جمع لکھیں۔**

| واحد | جمع | واحد | جمع | واحد | جمع |
|---|---|---|---|---|---|
| فوجی | فوجیں/ افواج | کمپنی | کمپنیاں | شہید | شہداء |
| نرغہ | نرغے | فوجی | فوجیں/ افواج | قبضہ | قبضے |

**کالم ''الف'' کو کالم ''ب'' سے ملائیں۔**

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| بالآخر دشمن کی بکتر بند رجمنٹ نے | اور اس کے تمام مورچے تباہ کر ڈالے۔ |
| وہ حکم ملتے ہی دشمن پر حملہ آور ہوئے | نشانِ حیدر دینے کا اعلان ہوا۔ |
| ان کے گاؤں کا نام اب | نڈر اور بے باک سپاہی تھے۔ |
| 14 اگست 1999ء کو انھیں | ایک بار پھر بھر پور حملہ کیا۔ |
| وہ ناردن لائٹ انفنٹری کے | ڈھوک محمد حسین ہے۔ |

**پاک فوج کے پانچ شہدا کے نام لکھیں۔ جن کو نشان حیدر دیا گیا۔**

**جواب:**
1. میجر محمد اکرم شہید
2. میجر شبیر شریف
3. سوار محمد حسین شہید
4. کیپٹن کرنل شیر خان شہید
5. حوالدار لالک جان شہید

**سرگرمی:**

**دی گئی جگہ پر نشان حیدر پانے والے پانچ شہداء کی تصاویر چسپاں کریں۔**

**ذیل میں دی گئی تصویر میں رنگ بھریں۔**

نوٹ: یہ سرگرمی طلبہ خود حل کریں۔

سبق نمبر: 17

# پاک وطن

## حل مشقی سوالات

نظم پڑھیں اور سوالوں کے جوابات دیں۔

1. پہلے بند میں پاکستان کے متعلق کیا کہا گیا ہے؟

**جواب:** پہلے بند میں پاکستان کے متعلق یہ کہا گیا ہے کہ ہم اپنے ملک کو سجائیں گے اور اس کی ترقی کے لیے محنت کریں گے اور ہمارے ملک پر ہمیشہ اللہ کی رحمت رہے گی۔

2. پاکستان کے پانی اور مٹی کو کس چیز سے تشبیہہ دی گئی ہے؟

**جواب:** پاکستان کے پانی کو امرت اور مٹی کو سونے سے تشبیہہ دی گئی ہے۔

3. پاک وطن کے متعلق کون سے دعائیہ الفاظ کہے گئے ہیں؟

**جواب:** پاک وطن کے متعلق یہ دعائیہ الفاظ کہے گئے ہیں کہ اللہ ہمیشہ ہمارے ملک کو آباد رکھے۔

4. پاک وطن کے دشمنوں کے متعلق کیا کہا گیا ہے؟

**جواب:** پاک وطن کے دشمنوں کے متعلق یہ کہا گیا ہے کہ ہم پاک وطن کے دشمنوں کا نام ونشان مٹا دیں گے۔

درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیے اور جملے بنائیں۔

| الفاظ | معنی | جملے |
|---|---|---|
| گلزار | باغ | ہم اپنی محنت سے اپنے ملک کو گلزار بنائیں گے۔ |
| انبار | بہت زیادہ | بازار میں لوگوں کا انبار تھا۔ |
| قوت ایمانی | ایمان کی طاقت | اللہ ہمیں قوت ایمانی عطا کرے۔ |
| سرسبز | ہرا بھرا | باغ میں سرسبز پودے تھے۔ |
| شاد | آباد | اللہ ہمارے ملک کو شاد رکھے۔ |
| مقابل | مقابلے میں | علی امتحان کے مقابلے میں احمد کے مدمقابل ہے۔ |

مناسب الفاظ لگا کر مصرعے مکمل کریں۔

1. محنت سے تجھے اپنی گلزار بنا دیں گے

2. اک پاک نشاں ہے تو اسلام کی عظمت کا
3. اے پاک وطن تیری گلیوں کو سجا دیں گے
4. روئیں گے ترے دشمن اور شاد رہے گا تو

**جس طرح اللہ تعالیٰ نے انسان کو دو جنسوں مرد اور عورت کی شکل میں پیدا کیا ہے۔ جس میں مرد مذکر اور عورت مؤنث ہے۔ اسی طرح ہر چیز کے جوڑے بنائے گئے ہیں۔ الفاظ میں بھی بعض بطور مذکر استعمال ہوتے ہیں اور بعض بطور مؤنث۔ جیسے وطن مذکر ہے اور محنت مؤنث۔ آپ اس سبق میں سے مذکر اور مؤنث استعمال ہونے والے الفاظ چن کر الگ کریں۔**

**جواب: مذکر:** پاک، سایہ، نشان، پھل، موڑ، سونا وغیرہ

**مؤنث:** رحمت، عظمت، گلی، مٹی، دنیا، جیت وغیرہ۔

**ذیل میں دیے گئے الفاظ کے ہم آواز الفاظ لکھیے جو نظم میں استعمال ہوئے ہوں۔**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سجا دیں | بنا دیں | رحمت | عظمت | پانی | ایمانی |
| زبوں | نگوں | سجا | رکھا | تیرا | میرا |

**سوچیں اور جواب دیں۔**

1. **آپ اپنے وطن کو کس طرح عظیم بنا سکتے ہیں؟**

**جواب:** ہم اپنے ملک کو عظیم بنانے کے لیے محنت کریں گے اور اس کی ترقی کے لیے کوشش کریں گے۔

2. **کیا آپ اپنے ملک سے محبت کرتے ہیں؟ اگر ہاں تو کیوں؟ اور وطن سے محبت کے اظہار کا صحیح طریقہ کیا ہے؟**

**جواب:** ہم اپنے ملک سے محبت کرتے ہیں۔ کیوں کہ اس میں ہم پیدا ہوئے ہیں۔ ملک ہمارے لیے گھر کی طرح ہے۔ اس سے محبت کے اظہار کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ اس کی ترقی اور خوشحالی کے محنت کریں اور سلامتی کے لیے دعا کریں۔

**جملے بنائیں۔** گلزار، عظمت، شرافت، وطن، محنت، نگوں

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| گلزار | ہم اپنے ملک کو گلزار بنائیں گے۔ |

| | |
|---|---|
| عظمت | محنت میں عظمت ہے۔ |
| شرافت | گاؤں کے لوگ شرافت سے رہتے تھے۔ |
| وطن | ہمارے وطن کا نام پاکستان ہے۔ |
| محنت | ہم محنت سے پڑھتے ہیں۔ |
| نگوں | ہمارا پرچم ہمیشہ نگوں رہے گا۔ |

- **ایسا اسم جو وقت یا زمانے کے معنی دے اسے اسم ظرف زمان کہتے ہیں جیسے صبح، شام، مہینہ وغیرہ۔**
- **آپ نیچے دی گئی جگہ پر چار اسم ظرف زمان تلاش کر کے لکھیں۔**

**جواب:** دن، رات، ہفتہ، سال وغیرہ۔

- **دیے گئے اشعار کی تشریح کریں۔**

سایہ ہے ترے اوپر اللہ کی رحمت کا
اک پاک نشاں ہے تو اسلام کی عظمت کا

**جواب:** **تشریح:** اس شعر میں شاعر یہ بتا رہے ہیں کہ ہمارے ملک پر اللہ کی رحمت کا سایہ ہے اور ہمارا ملک ایک عظیم اسلامی ملک ہے۔

- **دی گئی جگہ پر کسی اور نظم کے تین اشعار لکھیں۔**

**نوٹ:** طلبہ کتاب میں سے تین اشعار خود لکھیں۔

---

سبق نمبر: 18

# کاغذ کس طرح بنتا ہے؟

## حل مشقی سوالات

- **سبق پڑھیں اور سوالوں کے جواب دیں۔**

1. **جب کاغذ نہیں ہوتا تھا تو لوگ معلومات کس طرح محفوظ رکھتے تھے؟**

**جواب:** جب کاغذ نہیں ہوتا تھا تو لوگ معلومات کو ذہن میں محفوظ رکھتے تھے یا پتھر پر نقش کر دیتے تھے۔

2. **سب سے پہلے کاغذ کس ملک میں اور کیسے بنایا گیا؟**

**جواب:** سب سے پہلے کاغذ مصر نے بنایا۔ کاغذ ایک پودے کے تنے سے بنایا گیا۔

3. **کاغذ کی باقاعدہ ایجاد کا سہرا کس ملک کے سر ہے؟**

**جواب:** کاغذ کی باقاعدہ ایجاد کا سہرا چین کے سر ہے۔

4. **کاغذ بنانے کے لیے کون کون سی اشیاء استعمال ہوتی ہیں؟**

**جواب:** کاغذ بنانے کے لیے کپاس کے ریشے، گنے کی پھوک، گندم کی بھوسی وغیرہ استعمال ہوتی ہیں۔

5. **کاغذ بنانے کا عمل بیان کریں۔**

**جواب:** سب سے پہلے درختوں کی چھال سے ریشوں کو الگ کیا جاتا ہے۔ ریشوں کو الگ کرنے کے لیے ان کا گودا بنایا جاتا ہے۔ پھر اس گودے کو کیمیائی مادوں میں ڈال کر اسے پکایا جاتا ہے اس طرح کاغذ تیار کیا جاتا ہے۔

6. **کاغذ کو سفید کس طرح کیا جاتا ہے؟**

**جواب:** تیار شدہ گودے میں کلورین ڈال کر کاغذ کو سفید کیا جاتا ہے۔

**درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیے۔**

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|---|---|
| جدید | نیا | ریشہ | دھاگے نما | اہم | خاص |
| نقش | نقشہ | درکار | ضرورت | ایجاد | نئی چیز نکالنا |

**درست جواب کے آگے (✓) کا نشان اور غلط کے آگے (×) کا نشان لگائیں۔**

1. مصر میں جس چیز کو بطور کاغذ استعمال کیا جاتا تھا دراصل درخت کی باریک چھال تھی۔ ✓
2. کاغذ کی باقاعدہ ایجاد چینیوں کا کارنامہ ہے۔ ✓
3. ردی کاغذوں سے دوبارہ بہت عمدہ اور نفیس کاغذ بنتا ہے۔ ×
4. کاغذ کو سفید کرنے کے لیے کلورین ڈالتے ہیں۔ ✓
5. کاغذ کے بغیر بھی معلومات کو محفوظ رکھا جا سکتا ہے۔ ✓
6. کاغذ بنانا کوئی مشکل عمل نہیں ہے۔ ✓

سوچیں اور جواب دیں۔

1. کیا کاغذ کے بغیر معلومات ذخیرہ کی جاسکتی ہے؟ اگر ہاں تو کیسے؟
2. کیا موجودہ دور میں کمپیوٹر کے آ جانے سے کاغذ کی اہمیت کم ہوگئی ہے؟ اگر ہاں تو کیوں؟ اور اگر نہیں تو کیوں؟

نوٹ: اس سوالات کے جوابات طلبہ اپنے اساتذہ کی مدد سے لکھیں۔

الفاظ بنائیں۔

حروف سے الفاظ بنانا ایک دلچسپ مشغلہ ہے۔ دو دوست مل کر ہر لفظ کے آخری حرف سے لفظ بنائیں۔ دیکھیں تو کون جیتتا ہے؟ پہلا لفظ ہے ''برس'' اور اس کے آخری حرف سے نیا لفظ ہے ''سمت''۔

جواب: سمت، تابع، عینک، کبوتر، ریل وغیرہ۔

پیارے بچو ہم اپنی گفتگو میں بعض اوقات غلط فقرات استعمال کر جاتے ہیں۔ یہ غلطی بعض اوقات مذکر مؤنث کی ہوتی ہے۔ یعنی جیسے مؤنث بولنا ہو اسے مذکر بولتے ہیں یا پھر مذکر کو مؤنث۔ کبھی واحد جمع کی غلطی ہو جاتی ہے۔ یعنی اسم واحد کے بجائے جمع یا اسم اور فعل کی مطابقت کا خیال نہیں ہوتا۔ جیسے

وہ ہر مضامین میں فیل ہوگیا۔ یہاں ہونا چاہیے ہر مضمون۔

یا زائد الفاظ بول جاتے ہیں جیسے:

میں بخیریت سے ہوں۔ اس جملے میں سے کی ضرورت نہیں ہے۔

خالی جگہیں پر کریں۔

1. ہر بڑے یا چھوٹے ادارے کے کاروبار میں __کاغذ__ کو استعمال میں لایا جاتا ہے۔
2. ہزار برس قبل __مصریوں__ نے کاغذ بنانا شروع کیا۔
3. سولھویں صدی عیسوی میں __چین__ نے کاغذ کی باقاعدہ ایجاد کی۔
4. وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ کاغذ کی __مانگ__ بڑھ گئی
5. سوتی کپڑا بنانے کے لیے __کپاس__ استعمال کی جاتی ہے۔

جملے بنائیں۔ ایجاد، کاروبار، محفوظ، کاغذ، جوہڑ، پودا

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| ایجاد | ایڈیسن نے بلب ایجاد کیا۔ |
| کاروبار | احمد کے ابو کا اپنا کاروبار ہے۔ |
| محفوظ | فوجی ہمارے ملک کو دشمنوں سے محفوظ رکھتے ہیں۔ |
| کاغذ | کاغذ ہمارے بہت کام آتا ہے۔ |
| جوہڑ | جوہڑ میں گندا پانی ہے۔ |
| پودا | پودے ہمارے لیے فائدے مند ہیں۔ |

الفاظ کو متضاد سے ملائیں۔

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| بڑے | مشکل |
| باریک | اکٹھا |
| جدید | چھوٹے |
| آسان | موٹا |
| الگ | قدیم |
| الفاظ | متضاد |

نیچے کچھ غلط فقرات دیے گئے ہیں آپ ان کو درست کر کے لکھیے۔

1. میرے قلم اچھی ہے۔ جواب: میرا قلم اچھا ہے۔
2. اس کا اردو اچھا ہے۔ جواب: اس کی اردو اچھی ہے۔
3. کل مجھے تقریر کرنا ہے۔ جواب: کل مجھے تقریر کرنی ہے۔
4. دو عورتیں جارہی ہے۔ جواب: دو عورتیں جارہی ہیں
5. دروازوں کو بند کر دو۔ جواب: دروازے بند کر دو۔
5. ہم کو آج چھٹی ہے۔ جواب: ہماری آج چھٹی ہے۔

سبق نمبر: 19

# روبوٹ

## حل مشقی سوالات

سبق پڑھیں اور سوالوں کے جواب دیں۔

1. روبوٹ کیا ہے؟

**جواب:** روبوٹ سادہ سی بڑی دھاتی مشین ہے جو کہ کمپیوٹر کے ذریعے کنٹرول ہوتی ہے۔

2. روبوٹ ایک دوسرے سے کیسے مختلف ہوتے ہیں؟

**جواب:** روبوٹ ایک دوسرے سے شکل اور اہلیت کے لحاظ سے مختلف ہوتے ہیں۔

3. روبوٹ کے کتنے حصے ہوتے ہیں؟

**جواب:** روبوٹ کے مختلف حصے ہوتے ہیں۔ زیادہ تر روبوٹس بڑے بڑے بازوؤں والے ہوتے ہیں۔

4. روبوٹ کا دماغ کس طرح کام کرتا ہے؟

**جواب:** روبوٹ کا دماغ پروگرامنگ کے ذریعے کام کرتا ہے جو کہ انسان نے ہی اس کی یادداشت میں بٹھائی ہوتی ہے۔

5. روبوٹ کی ذہانت کو کیا نام دیا جاتا ہے؟

**جواب:** روبوٹ کی ذہانت کو مصنوعی ذہانت کا نام دیا جاتا ہے۔

درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیں اور جملے بنائیے۔

| الفاظ | معنی | جملے |
|---|---|---|
| اہلیت | صلاحیت | ہم اپنی اہلیت سے آگے بڑھ سکتے ہیں۔ |
| زیرِزمین | زمین کے اندر | زیرِزمین پانی موجود ہے۔ |
| اعضاء | حصے | ہمارے جسم میں بہت سے مفید اعضاء ہیں۔ |
| کارآمد | فائدہ مند | دل ایک کارآمد عضو ہے۔ |
| مسلسل | بار بار | احمد نے مسلسل محنت سے کامیابی حاصل کی۔ |
| تحقیق | جائزہ لینا | ڈاکٹر عبدالقدیر خان نے جوہری سائنس میں تحقیق کی۔ |

## خالی جگہیں پر کریں۔

1. روبوٹ سادہ سی بڑی دھاتی مشین ہوتی ہے۔
2. روبوٹ حرکت کر سکتے ہیں اور دیکھ اور سن بھی سکتے ہیں۔
3. روبوٹ کو دماغ کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔
4. روبوٹ کے اندر جو معلومات محفوظ ہوتی ہیں وہ انہی کے مطابق چلتا ہے۔
5. روبوٹ کو کارآمد بنانے کے لیے ضروری ہے کہ وہ ذہانت رکھتا ہو۔

## سوچیں اور جواب دیں۔

1. **روبوٹ نے ہماری زندگی کو کس طرح آسان بنایا ہے؟**
2. **روبوٹ یا مشینی زندگی کے نقصانات پر دس لائنوں کا ایک مضمون لکھیں۔**
3. **اپنے گھر میں یا آس پاس استعمال ہونے والی جدید مشینوں کے نام لکھیں۔ مثلاً فریج**

**نوٹ:** ان سوالات کے جوابات طلبہ اپنے اساتذہ کی مدد سے لکھیں۔

**اسم اشارہ وہ اسم ہے جو کسی چیز کی طرف اشارہ کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہو مثلاً وہ میز، یہ قلم وغیرہ۔**

ذیل میں اسم اشارہ کے نیچے لکیر دیں۔

**جواب:**

1. یہ میری کتابیں ہیں۔
2. ان کا بیگ۔
3. ہرن وہاں ہے۔
4. گاڑی اِدھر سے آ رہی ہے۔
5. یہی تو تمہارا کمرہ ہے۔
6. ان کو تو یہیں آنا ہے۔
7. میں نے اپنا پرس یہیں کہیں رکھا تھا۔

سبق نمبر: 20

# زمین گول ہے

## حل مشقی سوالات

سبق پڑھیں اور سوالوں کے جواب دیں۔

1. بادشاہ کو کس بات پر غصہ آیا تھا؟

**جواب:** ایک دن بادشاہ جغرافیہ کی کتاب پڑھ رہا تھا، اس میں لکھا ہوا تھا کہ زمین گول ہے، یہ بات بادشاہ کو سمجھ نہ آئی اور اس کو غصہ آ گیا۔

2. عالم نے زمین کے گول ہونے کی کیا دلیل دی؟

**جواب:** عالم نے زمین کے گول ہونے کی یہ دلیل دی کہ سورج، چاند، ستارے اور سیارے گول ہیں۔ ہماری زمین بھی چونکہ ایک سیارہ ہے۔ اس لیے یہ گول ہے۔

3. بادشاہ نے یہ دیکھنے کے لیے کہ زمین گول ہے، کیا فیصلہ کیا؟

**جواب:** بادشاہ نے یہ دیکھنے کے لیے کہ زمین گول ہے، ایک لمبے سفر کی تیاری کریں۔

4. بادشاہ نے کس سمت میں سفر کو ترجیح دی اور باقی سمتوں میں کیوں سفر نہ کیا؟

**جواب:** بادشاہ نے شمال کی سمت سفر کو ترجیح دی کیوں کہ باقی سمتوں سے سفر میں خطرہ تھا۔

5. شاہی قافلہ کتنی دیر میں چکر لگا کر واپس پہنچا تھا؟

**جواب:** شاہی قافلہ چھ گھنٹے میں چکر لگا کر واپس پہنچا تھا۔

درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیے۔

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|---|---|
| جغرافیہ دان | زمین کا مطالعہ کرنے والا | پارہ چڑھنا | غصہ آنا | بگلچی | تانگے کا حصہ |
| الجھن | مشکل | دانا | عقلمند | مصنف | کتاب لکھنے والا |

درست جواب کے آگے (✓) کا نشان اور غلط کے آگے (×) کا نشان لگائیں۔

1. بادشاہ جانتا تھا کہ زمین گول ہے۔ ×

2. ہم ایک ہی سمت میں سیدھ میں چلتے جائیں تو ضروری نہیں کہ اسی جگہ پہنچیں جہاں سے چلے تھے۔ ✗

3. بادشاہ ایک جغرافیہ دانوں کے خاندان سے تعلق رکھتا تھا۔ ✓

4. قافلے نے ایک لمبے عرصے تک سفر جاری رکھا۔ ✗

5. جغرافیہ دانوں کو ایک وزیر کی عقلمندی نے بچا لیا۔ ✓

## خالی جگہیں پر کریں۔

1. ایک دن وہ محل میں بیٹھا جغرافیہ کی کوئی کتاب پڑھ رہا تھا۔
2. زمین گیند کی مانند گول ہے۔
3. میرے آقا جغرافیے کے کئی عالم یہ ثابت کر چکے ہیں کہ زمین گول ہے۔
4. اگر زمین گول نہ ہوئی تو تم سب کی گردنیں کاٹ دی جائے گی۔
5. بادشاہ شہر کے مینار کو دیکھ کر حیران رہ گیا۔

## جملے بنائیں۔ بیوقوف ، صفحہ ، بادشاہ ، چپٹی ، ثبوت ، تھرتھر

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| بے وقوف | احمد ایک بے وقوف لڑکا ہے۔ |
| صفحہ | میں نے کل کہانی کی کتاب کا ایک صفحہ پڑھا۔ |
| بادشاہ | بادشاہ بے وقوف تھا۔ |
| چپٹی | زمین چپٹی نہیں گول ہے۔ |
| ثبوت | دن اور رات کا تبدیل ہونا اللہ کی قدرت کا ثبوت ہے۔ |
| تھرتھر | سردی سے لوگ تھرتھر کانپتے ہیں۔ |

## سوچیں اور جواب دیں۔

1. فرض کریں کہ آپ کا ایک دوست اس بات کا قائل ہے کہ زمین چپٹی ہے۔ آپ کیسے ثابت کریں گے کہ زمین گول ہے؟
2. آپ کے خیال میں کیا بادشاہ واقعی بے وقوف تھا؟ اگر ہاں تو کیوں؟

**نوٹ:** ان سوالات کے جوابات طلبہ اپنے اساتذہ کی مدد سے لکھیں۔

- **الفاظ مختلف حروف کا مجموعہ ہوتے ہیں اور یہ بات آپ جانتے ہیں کہ ایک لفظ کے حروف کو مختلف ترتیب کے ساتھ لکھ کر مزید الفاظ بنائے جا سکتے ہیں۔**

لفظ ''بادشاہ'' میں یہ حروف ہیں۔ ب۔ا۔د۔ش۔ا۔ہ

آپ ان حروف سے مزید الفاظ بنائیں مثلاً ب د ................بد

**جواب:** ش + ا + د = شاد

ا + د + ب = ادب

ش + ا + د + ا + ب = شاداب

- **اس سبق کے اندر کئی محاورے استعمال ہوئے۔ آپ کم از کم چار محاورے ڈھونڈ کر لکھیے۔ ایک مثال کے طور پر دیا جاتا ہے۔ ''پارہ چڑھنا''**

**جواب:** 1. عقل چڑیاں چگ گئیں۔

2. جل کر بھسم ہونا۔

3. غصے میں سرخ ہونا۔

4. تلملا کر بولنا۔

- **دنیا کا نقشہ لے کر اس کا اچھی طرح مطالعہ کریں اور تقریباً دس ممالک کے نام لکھیں اور بتائیں کہ یہ کس سمت میں واقع ہیں۔ یعنی شمال، جنوب، مشرق یا مغرب میں۔**

**نوٹ:** طلبہ اپنے اساتذہ کی مدد سے یہ سرگرمی خود کریں۔

---

سبق نمبر: 21

# ایک انوکھا پیڑ

## حل مشقی سوالات

- **سبق پڑھیں اور سوالوں کے جواب دیں۔**

**1. بادشاہ مصر کے شہنشاہ کو کیسا تحفہ بھیجنا چاہتا تھا؟**

**جواب:** بادشاہ مصر کے شہنشاہ کو عجیب وغریب اور انوکھا تحفہ بھیجنا چاہتا تھا۔

2. درباریوں نے بادشاہ کو کیا رائے دی؟

جواب: درباریوں نے بادشاہ کو یہ رائے دی کہ آپ ایسا تحفہ بھیجیں جو آج تک کسی نے نہ بھیجا ہو۔

3. ناریل کی بنی ہوئی چیزوں کے نام لکھیں۔

جواب: بادبان، رسے، صندوق، فرنیچر، برتن، قالین، چٹائیاں، کمبل، ٹوکریاں وغیرہ۔

4. ناریل پر لگنے والا پھل اتنا سخت کیوں ہوتا ہے؟

جواب: ناریل پر لگنے والا پھل اتنا سخت اس لیے ہوتا ہے کہ یہ ناریل کو اچھی طرح محفوظ رکھتا ہے۔

5. ناریل کن علاقوں کی پیداوار ہے؟ جواب: ناریل ساحلی علاقوں کی پیداوار ہے۔

درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیں اور جملے بنائیں۔

| الفاظ | معنی | جملے |
|---|---|---|
| شاندار | اعلیٰ | میرے دوست نے امتحان میں شاندار کامیابی حاصل کی۔ |
| انوکھا | عجیب | افریقہ میں ایک انوکھا ناریل کا درخت تھا۔ |
| قائل ہونا | مان جانا | استاد صاحب گھومنے جانے کے لیے قائل ہو گئے۔ |
| کاریگر | ہنرمند | مصر کے لوگ کاریگر تھے۔ |
| ان گنت | لاتعداد | آسمان پر ان گنت پرندے تھے۔ |
| دانش | عقل | میرا بڑا بھائی بہت عقل مند ہے۔ |

خالی جگہیں پر کریں۔

1. بادشاہ کی خواہش تھی کہ تحفہ عجیب و غریب ہی نہ ہو انوکھا اور شاندار بھی ہو۔
2. مصر کا بادشاہ اس تحفے کو دیکھ کر حیران رہ گیا۔
3. لوگوں کو معلوم ہو گیا کہ ناریل کتنا فائدہ مند پیڑ ہے۔
4. ناریل کے درخت کی اونچائی اسی فٹ تک ہوتی ہے۔
5. قدرت نے اسے ریشے دار جڑوں سے ڈھک دیا ہے۔

سوچیں اور جواب دیں۔

1. ناریل کے علاوہ کوئی اور درخت بتائیں جو ہمارے کسی کام آتا ہے۔

**جواب:** ناریل کے علاوہ کھجور کا درخت ہمارے بہت کام آتا ہے۔

- **ذیل میں کچھ درختوں کے نام دیے گئے ہیں دیکھیں تو آپ کتنے ڈھونڈ سکتے ہیں؟**

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ب | و | ح | س | ص | ض | پ | ق | ف |
| ی | د | ک | د | ک | د | | ر | ژ |
| پ | ج | ا | م | ف | و | د | ش | پ |
| ل | آ | | ن | ہ | ی | ل | ی | |
| ل | م | ء | یے | گ | ب | ا | ش | پ |
| م | ع | کھ | ج | و | ر | | م | و |
| ن | ک | ص | ن | و | | | م | و |
| ن | ک | ص | ن | و | ب | ر | | ل |
| ا | پھ | ر | ج | ہ | ب | ا | ت | ر |

**نوٹ:** یہ سرگرمی طلبہ خود کریں۔

- **کسی لفظ کے ہم معنی لفظ کو مترادف کہتے ہیں۔ مترادف الفاظ دراصل ہمیں اس قابل بناتے ہیں کہ ہم ایک ہی بات کو کس طرح مختلف انداز میں بیان کر سکتے ہیں۔ مثلاً حامد کو آم پسند ہے۔**

حامد آم شوق سے کھاتا ہے۔ حامد کو آم کھانا اچھا لگتا ہے۔ نیچے دیے گئے فقروں کو آپ دو مختلف انداز میں لکھیے۔

1. آمنہ بہت مزے مزے کی باتیں کرتی ہے۔
2. آصفہ بہت نیک لڑکی ہے۔
3. یہ منظر بہت خوبصورت ہے۔
4. مجھے سردی میں باہر نکلنا پسند نہیں۔
5. یہ کتاب بہت دلچسپ ہے۔

سبق نمبر: 22

# خدا کی قدرت

## حل مشقی سوالات

- نظم پڑھیں اور سوالوں کے جوابات دیں۔

1. ہر چیز کس کی بنائی ہوئی ہے؟

**جواب:** ہر چیز اللہ کی بنائی ہوئی ہے۔

2. دودھ کن جانوروں سے حاصل کیا جاتا ہے؟

**جواب:** دودھ گائے، بھینس اور بکری سے حاصل کیا جاتا ہے۔

3. چار موسموں کے متعلق جو شعر ہے اس کی تشریح کریں۔

**جواب:** چار موسموں کے متعلق شاعر نے یہ بتایا ہے کہ ہر موسم کا اپنا رنگ ہوتا ہے۔ ہر موسم کا پھل ہمارے لیے فائدہ مند ہوتا ہے اور موسموں کی تبدیلی کی وجہ سے قدرت کا کارخانہ چل رہا ہے۔

4. اللہ نے انسان کو بولنے کی صفت کس لیے عطا کی؟

**جواب:** اللہ نے انسان کو بولنے کی صفت اس لیے عطا کی ہے کہ انسان اس کا شکر ادا کریں۔

- جملے بنائیں۔ خوش نمائی، عطر، رت، سماں، شکر، باغ

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| خوش نمائی | پھولوں کو اللہ نے خوش نمائی عطا کی ہے۔ |
| عطر | مولوی صاحب نے مجھے عطر تحفے میں دی۔ |
| لت | میرے دوست کو آئسکریم کی لت لگ گئی ہے۔ |
| سماں | آج آسمان پر سماں بہت اچھا ہے۔ |
| شکر | ہمیں اللہ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔ |
| باغ | کل ہم شالامار باغ گئے تھے۔ |

- سوچیں اور جواب دیں۔

1. کیا اللہ نے ہر چیز با مقصد بنائی ہے؟ اگر ہاں تو کیسے؟

2. ہمیں اللہ کی دی ہوئی نعمتوں کا شکر کس طرح ادا کرنا چاہیے؟

نوٹ: ان سوالات کے جوابات طلبہ اپنے اساتذہ کی مدد سے لکھیں۔

درج ذیل الفاظ کے متضاد لکھیں۔

| الفاظ | متضاد | الفاظ | متضاد | الفاظ | متضاد |
|---|---|---|---|---|---|
| خوش نمائی | بدنمائی | نئی | پرانی | صفائی | گندگی |
| رات | دن | ظاہر | باطن | جانور | انسان |

مصرعے مکمل کریں۔

1. اس کی قدرت سے پھول مہکے
2. اور پھول ہیں عطر میں بسائے
3. باغوں میں اُسی نے پھل اگائے
4. شکر اس کا کریں، زباں کھولیں

سرگرمی: اس نظم میں جن چیزوں کے نام آئے ہیں ان کی تصویریں کاٹ کر اپنی کاپی میں لگائیں اور ہر ایک کے ساتھ اس کا استعمال یا مقصد بھی لکھیں۔ جیسے کہ پھول .........خوبصورتی بڑھاتے ہیں۔خوشبو دیتے ہیں۔ وغیرہ۔

نوٹ: یہ سرگرمی طلبہ خود کریں۔

○○○○○○○○○○

سبق نمبر: 23

# میں ہوں ہاتھی آپ کا ساتھی

## حل مشقی سوالات

سبق پڑھیں اور سوالوں کے جواب دیں۔

1. اس وقت دنیا کا سب سے بڑا جانور کون سا ہے؟

جواب: اس وقت دنیا کا سب سے بڑا جانور ہاتھی ہے۔

2. ہاتھی سب سے زیادہ کس علاقے میں پائے جاتے ہیں؟

**جواب:** ہاتھی سب سے زیادہ مشرقی افریقہ کے ممالک کینیا، نمیبیا اور زمبابوے میں پائے جاتے ہیں۔

3. **ہاتھیوں کے شکار کی کیا وجہ ہے؟**

**جواب:** ہاتھیوں کے شکار کی وجہ یہ ہے کہ قدرت نے ان کو قیمتی دانت عطا کیے ہیں جو ہمارے لیے بہت فائدہ مند ہیں۔

4. **ہاتھی کے دانت سے کون کونسی چیزیں بنتی ہیں؟**

**جواب:** ہاتھی کے دانت سے زیورات، چاقوؤں اور چھریوں کے دستے، کنگھے اور کئی دوسری آرائشی اشیاء بنتی ہیں۔

5. **ہاتھی کیا کھاتے ہیں؟**

**جواب:** ہاتھی عام طور پر گنا کھاتے ہیں۔

6. **کس ملک میں ہاتھی بطور پالتو جانور رکھے جاتے ہیں؟**

**جواب:** مشرقی افریقہ کے ممالک میں ہاتھی پالتو جانور رکھے جاتے ہیں۔

7. **ہاتھی نے اپنی شکل و شباہت کے متعلق کیا کہا ہے؟**

**جواب:** ہاتھی نے اپنی شکل و شباہت کے متعلق یہ کہا ہے کہ میرا رنگ سیاہ ہوتا ہے لیکن میرے بعض بھائیوں کا رنگ بھورا بھی ہوتا ہے۔ بڑے بڑے کان ہوتے ہیں ایک لمبی سونڈ ہوتی ہے۔

**جملے بنائیں۔** دستیاب، آرائشی، قیمتی، باربرداری، مضبوط، مخصوص

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| دستیاب | پرچون کی دکان پر ہر چیز دستیاب ہوتی ہے۔ |
| آرائشی | لکڑی سے بہت سارے آرائشی سامان ملتے ہیں۔ |
| قیمتی | ہاتھی کے دانت بہت قیمتی ہوتے ہیں۔ |
| باربرداری | ہاتھ باربرداری کے کام آتا ہے۔ |
| مضبوط | پودے کی جڑیں مضبوط ہوتی ہیں۔ |
| مخصوص | ریاضی ایک مخصوص مضمون ہے۔ |

درست جواب کے آگے (✓) کا نشان اور غلط کے آگے (×) کا نشان لگائیں۔

-1 ① ڈائنوسار آج سے ہزاروں سال پہلے ہوتے تھے۔ ✓

-2 ② ہاتھی سب سے زیادہ امریکہ میں پائے جاتے ہیں۔ ×

-3 ③ ہاتھی کے دانت بہت قیمتی ہوتے ہیں۔ ✓

-4 ④ ہاتھی گوشت خور جانور ہے۔ ×

-5 ⑤ ہاتھی خطرے کی بو دور سے ہی سونگھ لیتا ہے۔ ✓

☆ سوچیں اور جواب دیں۔

**-1 ① کیا آپ کے خیال میں جانوروں کا شکار کرنا درست ہے؟ اگر نہیں تو کیوں؟**

**-2 ② آپ کا پسندیدہ جانور کون سا ہے اور آپ اسے کیوں پسند کرتے ہیں؟**

**-3 ③ آپ نے ہاتھی کی کہانی پڑھی آپ کو اس میں کون سی بات سب سے اچھی لگی؟**

**نوٹ:** ان سوالات کے جوابات طلبہ اپنے اساتذہ کی مدد سے لکھیں۔

خالی جگہیں پر کریں۔

① دنیا میں سب سے بڑا جانور میں ہی <u>تصور</u> کیا جاتا ہوں۔

② اللہ تعالیٰ نے مجھے بہت خوبصورت اور <u>قیمتی</u> دانت دیے ہیں۔

③ ہم ہاتھی عام طور پر <u>گلے</u> کی صورت میں سفر کرتے ہیں۔

④ میری <u>سونگھنے</u> کی قوت بے حد تیز ہوتی ہے۔

دی گئی تصویروں میں رنگ بھریں۔

**نوٹ:** یہ سرگرمی طلبہ خود کریں۔

---

سبق نمبر: 24

# حکمت اور دانائی کی باتیں

## حل مشقی سوالات

درج ذیل الفاظ کی درست ادائیگی کے لیے ان پر اعراب لگائیں۔

① **اخلاق ، صحت ، احترام ، حکمت ، عمل ، شعور ، بزرگ**

نوٹ: یہ سرگرمی طلبہ اساتذہ کی مدد سے کریں۔

سبق پڑھیں اور سوالوں کے جواب دیں۔

1. حضرت محمد ﷺ نے کس چیز کو مومن کی میراث بتایا؟

**جواب:** حضرت محمد ﷺ نے حکمت و دانائی کو مومن کی میراث بتایا۔

2. بوڑھے نے اپنی عمر چار سال کیوں بتائی؟

**جواب:** بوڑھے نے اپنی عمر چار سال اس لیے بتائی کہ اسے چار سال سے یہ عقل آئی ہے کہ ہم لوگ فقط اپنے ہی لیے پیدا نہیں ہوئے بلکہ دوسروں کا بھی ہم پر حق ہے اور اب اس پر وہ عمل کر رہا ہے۔ اس لیے وہ اصلی عمر صرف چار سال ہی سمجھتا ہے۔

3. آدمی کی زندگی کا اصل مقصد کیا ہے؟

**جواب:** آدمی کی زندگی کا اصل مقصد خدا کی مخلوق کی خدمت کرنا ہے۔

4. حضرت جنیدؒ نے اپنے شاگردوں کا امتحان کس طرح لیا؟

**جواب:** آپؒ نے امتحان کی خاطر اپنے ایک شاگرد کو سب کے سامنے بلوایا اور ایک ایک مرغی سب شاگردوں کو دیتے ہوئے فرمایا کہ اس کو کسی ایسی جگہ ذبح کرنا جہاں کوئی نہ دیکھ رہا ہو۔

5. حضرت جنیدؒ ایک شاگرد کو عزیز کیوں رکھتے تھے؟

**جواب:** حضرت جنیدؒ ایک شاگرد کو عزیز اس لیے رکھتے تھے کیوں کہ وہ باادب اور عقلمند تھا۔

6. دانا آدمی نے بدگو کی بدگوئی کا کس طرح جواب دیا؟

**جواب:** دانا آدمی نے بدگو کو بدگوئی کا جواب اچھائی سے دیا۔

☆ درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیں۔

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|---|---|
| میراث | جائیداد | حکمت | عقل مند | فقط | کافی |
| عزیز | پیارا | شعور | عقل | خاطر مدارت | خاطر تواضع |

درست جواب کے آگے (✓) کا نشان اور غلط کے آگے (✗) کا نشان لگائیں۔

1. ہمیں یہ دیکھنا چاہیے کہ بات کون کر رہا ہے نہ یہ کہ کیا کہہ رہا ہے۔ ✓

2. ہم لوگ فقط اپنے لیے ہی نہیں پیدا ہوئے بلکہ دوسروں کا بھی ہم پر حق ہے۔ ✓

3. اللہ ہر جگہ موجود ہے۔ ✓

4. بدگوئی ایک ناپسندیدہ بات ہے۔ ✓

5. برائی کا بدلہ دگنی برائی سے دینا چاہیے۔ ✗

**سوچیں اور جواب دیں۔**

1. خدمت خلق سے کیا مراد ہے؟ اور خدمت خلق کے کون کون سے طریقے ہیں؟
2. اللہ تعالیٰ کے ہر جگہ اور ہر وقت ہونے کا احساس کس طرح غلط کاموں سے بچاتا ہے؟
3. آپ کے ساتھ اگر کوئی بدتمیزی کرے تو آپ کیا کریں گے؟

**نوٹ:** یہ سرگرمی طلبہ اساتذہ کی مدد سے کریں۔

**جملے بنائیں۔** حکمت، فضول، حیران، ذبح، بدگوئی، استقبال

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| حکمت | ہمیں علم و حکمت کی باتیں سیکھنی چاہییں۔ |
| فضول | ہمیں فضول خرچی سے بچنا چاہیے۔ |
| حیران | اچانک ماموں کو اپنے گھر پر دیکھ کر میں حیران ہو گیا۔ |
| ذبح | آج قصائی نے گائے کو ذبح کیا۔ |
| بدگوئی | ہمیں بدگوئی سے بچنا چاہیے۔ |
| استقبال | آج ہم نے گھر پر مہمانوں کا استقبال کیا۔ |

**متضاد:** متضاد ایسے لفظ کو کہتے ہیں جو کسی لفظ کی الٹ معنی دے اور مترادف ہم معنی الفاظ کو کہا جاتا ہے جیسے بہادری کا اُلٹ بزدلی اور مترادف دلیری۔

**آپ درج ذیل الفاظ کا ایک ایک متضاد اور مترادف لکھیں۔**

| الفاظ | مترادف | متضاد |
|---|---|---|
| دانائی | عقلمندی | بے وقوفی |
| بڑی | عظیم | چھوٹی |

| درست | ٹھیک | غلط |
| --- | --- | --- |
| نیکی | بھلائی | بدی |
| واقف | جاننے والا | غیر واقف |
| بدگوئی | ناپسندیدہ بات | پسندیدہ بات |

**خالی جگہیں پر کریں۔**

1. کہ اللہ کے نبی ﷺ نے جو کچھ فرمایا وہ حکمت و دانائی سے خالی نہیں ہے۔
2. بادشاہ حیران ہوا اور کہا کہ بڑھاپا اور اتنا جھوٹ؟
3. سچ ہے کہ تمام دانائی اور حکمت کی بنیاد اللہ کا ڈر اور اس کے ہر جگہ ہونے کے شعور میں ہے۔
4. مسلمانوں کو بھلائی اور دانائی کی باتیں سیکھنی چاہییں ۔

**کالم ''الف'' کو کالم ''ب'' سے ملائیں۔**

| کالم الف | کالم ب |
| --- | --- |
| مسلمانوں کو بھلائی اور دانائی کی | اس وجہ سے زیادہ پیارا ہے۔ |
| ایک دن ایران کا بادشاہ | ناپسندیدہ بات ہے۔ |
| میرا یہ شاگرد باادب اور عقلمند ہے | باتیں سیکھنی چاہییں ۔ |
| حضرت جنید بغدادیؒ بہت | نوشیروان کہیں جا رہا تھا۔ |
| بدگوئی ایک | بڑے بزرگ تھے۔ |

**دی گئی جگہ پر استاد کی مدد سے چند حکمت کی باتیں لکھیں۔**

**جواب:** اللہ کے آخری نبی حضرت محمد ﷺ نے فرمایا، حکمت و دانائی مومن کی میراث ہے۔ یہ جہاں سے ملے لے لو۔ مسلمانوں کا ایمان ہے کہ اللہ کے نبی ﷺ نے جو کچھ فرمایا ہے وہ حکمت سے خالی نہیں ہے۔ اس قول کو پڑھیں تو یہ بات سمجھ میں آتی ہے وہ یہ ہے کہ ایک تو مسلمانوں کو بھلائی اور دانائی کی باتیں سیکھنی چاہییں اور فضول باتوں سے دور رہنا چاہیے۔